کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ فرزندِ کشمیر کوئٹہ راولاکوٹ

بانی: محمد شوکت

جلد 18 | اتوار | 25 اکتوبر 2026ء | 13 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 503

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

پاکستان کشمیر کے بغیر کشمیر پاکستان کے بغیر نامکمل ہے، ڈاکٹر نجیب نقی

پاکستان اور آزاد کشمیر کا رشتہ جغرافیائی نہیں بلکہ اسلامی، نظریاتی اور روحانی ہے، صدر آزاد کشمیر

حکومتِ پاکستان اور عوام کی حمایت کشمیریوں کے لیے قابلِ قدر ہے اور وہ مقبوضہ کشمیر کے عوام کی استقامت اور قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں

مظفرآباد(این این آئی)صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر نجیب نقی نے کہا ہے کہ جس طرح پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے اسی طرح کشمیر بھی پاکستان کے بغیر نامکمل ہے۔آزاد کشمیر کے 79ویں یوم تاسیس کے موقع پر دارالحکومت مظفرآباد میں تقریب منعقد ہوئی۔آزاد کشمیر کے صدر نجیب نقی نے اس موقع پر پریڈ کا معائنہ بھی کیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، پاکستان اور کشمیر ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔صدر آزاد کشمیر نے کہا کہ حکومت پاکستان اور عوام کی حمایت کشمیریوں کے لیے قابلِ قدر ہے اور وہ مقبوضہ کشمیر کے عوام کی استقامت اور قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ڈاکٹر نجیب نقی نے کہا کہ عالمی برادری اور اقوام متحدہ کشمیری عوام کو حقِ خودارادیت (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

پاکستان، ترکیہ، مصر اور سعودی عرب کا مشرق وسطی کی صورتحال پر اظہار تشویش

یروشلم کی قانونی اور تاریخی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششیں بند کی جائیں

استنبول(این این آئی) پاکستان، ترکیہ، مصر اور سعودی عرب نے مشرق وسطی کی صورتحال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے امن کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے جبکہ چاروں ممالک نے فلسطین میں دو ریاستی حل پر جلد عمل درآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یروشلم کی قانونی اور تاریخی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششیں بند کی جائیں، (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر اقتصادی امور، احد چیمہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں کوئی نو گو ایریا نہیں اور صوبے کے عوام ریاست اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں

عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر نہ کی جائے، سرفراز بگٹی

بچیوں کی تعلیم کو بھی یکساں اہمیت دی جارہی ہے اور اس مقصد کے لیے ایک پائلٹ پراجیکٹ پر کام جاری ہے تا کہ بچیوں کو تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کیے جاسکیں، میر سرفراز بگٹی

حکومت تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کی فعالیت کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

شمالی ڈیرہ بگٹی (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مسلسل تیسرے روز کھلی کچہری کا انعقاد کرتے ہوئے مختلف اضلاع سے آنے والے شہریوں کے مسائل براہ راست سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے قبائلی عمائدین سے بھی ملاقات کی اور علاقے کے مسائل، ترقیاتی ضروریات اور عوام کو درپیش مشکلات پر تبادلہ خیال کیا۔وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کو اپنی شکایات براہ راست حکومتی قیادت تک پہنچانے کا موقع فراہم کرنا اور متعلقہ محکموں کو مسائل کے حل کے لیے جوابدہ بنانا ہے۔انہوں نے حکام کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائی کی جائے اور عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر نہ کی جائے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں کوئی نو گو ایریا نہیں اور صوبے کے عوام ریاست اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، چیف جسٹس بلوچستان جناب کامران خان ملاخیل بیوٹمز کے اسکول آف لاء کے موٹ کورٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے دنیا کو ایک گلوبل ویلج میں تبدیل کر دیا ہے، گورنر بلوچستان

انسانوں کے درمیان طویل فاصلے سمٹ گئے ہیں اور ہر قسم کی معلومات صرف ایک کلک پر دستیاب ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ(این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عالمی یوم ترقیاتی معلومات کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بنی نوع انسان نے انسانی تاریخ میں تین بڑی انقلابات زرعی انقلاب، صنعتی انقلاب اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے انقلاب کا سفر طے کیا ہے۔ان انقلابات نے انسانی زندگی، سوشل اسٹرکچر، معیشت اور سیاسی روابط پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں تاہم جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی معلومات تک عوام کی بروقت اور مستند رسائی شفاف حکمرانی، عوامی اعتماد اور پائیدار ترقی کی بنیاد ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ ڈویلپمنٹ (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں میٹرک اور انٹر کے امتحانی شیڈول میں تبدیلی کر دی گئی

میٹرک کے امتحان رواں سال دسمبر میں جبکہ انٹر کے امتحان آئندہ سال مارچ میں ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں میٹرک اور انٹر کے امتحانی شیڈول میں تبدیلی کر دی گئی ،میٹرک کے امتحان رواں سال دسمبر میں جبکہ انٹر کے امتحان آئندہ سال مارچ میں ہوں گے۔بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے چیئرمین محمد اسحٰق نے بتایا کہ پہلے میٹرک کے امتحان فروری مارچ میں ہوتے تھے جس کی وجہ سے ایف (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

علاقائی امن واستحکام کے لیے دوست ممالک سے تعاون جاری رکھیں گے، اسحاق ڈار

پاکستان علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لیے ترکیہ اور تمام دوست ممالک کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گا، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے اپنے دورہ ترکیہ کو کامیاب اور نتیجہ خیز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لیے ترکیہ اور تمام دوست ممالک کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گا۔جمعہ کو سوشل میڈیا ایکس پر اپنی پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ استنبول کا 15 گھنٹے پر مشتمل ایک نتیجہ خیز دورہ ابھی مکمل کیا ہے، میں نے اپنے برادر وزرائے خارجہ، ہاکان فیدان، فیصل بن فرحان آل سعود اور بدر عبدالعاطی کے ہمراہ چھٹے علاقائی فور (آر 4) وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کی، جس کے بعد برطانیہ، فرانس، جرمنی اور اٹلی کے وزرائے خارجہ کے ساتھ آر فور کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ان اجلاسوں میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال، اس کے وسیع تر معاشی اور سماجی اثرات اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مکالمے، سفارت کاری اور مسلسل روابط کی اہمیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ صدر رجب طیب اردوان سے مشترکہ ملاقات کا اعزاز بھی حاصل (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں بغیر سماعت کے قومی اور صوبائی حلقوں کی حدود میں ردوبدل کی خبر میں کوئی صداقت نہیں، الیکشن کمیشن

خیبر پختونخوا میں بغیر سماعت کے قومی اور صوبائی حلقوں کی حدود میں ردوبدل کی خبر میں کوئی صداقت نہیں، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے وضاحت کی ہے کہ خیبر پختونخوا میں بغیر سماعت کے قومی اور صوبائی حلقوں کی حدود میں ردوبدل کی خبر میں کوئی صداقت نہیں، کسی حلقہ کی حدود میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے، تمام حلقوں کی حدود اب بھی وہی ہیں جو عام انتخابات 2024 کے وقت تھیں۔الیکشن کمیشن کی جانب سے ہفتہ کو جاری وضاحتی بیان میں کہا گیا کہ (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

پاکستان بین الاقوامی امن وسلامتی کے فروغ اور کثیر الجہتی تعاون پر پختہ یقین رکھتا ہے، ایاز صادق

سپیکر قومی اسمبلی کا عالمی امن، انصاف اور کثیر جہتی تعاون کے لیے عالمی عزم کی تجدید پر زور

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اقوام متحدہ کے دن کے موقع پر اپنے پیغام میں عالمی امن، انصاف اور کثیر جہتی تعاون کے لیے عالمی عزم کی تجدید پر زور دیا ہے۔قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے ہفتہ کو جاری پیغام میں سردار ایاز صادق نے کہا کہ عالمی برادری اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں اور مقاصد سے اپنی وابستگی کی تجدید کرے، عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مکالمہ، سفارت کاری، باہمی احترام اور اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں، مسلح تنازعات، انسانی بحرانوں، معاشی عدم مساوات اور موسمیاتی تبدیلی کے تناظر میں اقوام متحدہ کا کردار پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کا احترام، ریاستوں کی خودمختاری، حق خودارادیت اور تنازعات کا پرامن حل عالمی نظام کے بنیادی ستون ہیں، کثیر الجہتی نظام کی موثریت کا انحصار اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں پر غیر جانب داری سے عمل (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ سے فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ کی ملاقات

وزرا کا بات چیت، سفارت کاری اور کشیدگی کم کرنے کے ذریعے علاقائی تنازعات سے نمٹنے کی فوری ضرورت پر اتفاق

استنبول/اسلام آباد(این این آئی) ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب (آر 4) کے وزرائے خارجہ سے فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ نے گزشتہ روز استنبول میں ملاقات کی، اس موقع پر علاقے اور اس سے باہر امن واستحکام کو فروغ دینے اور ان مسائل کے سیکورٹی، اقتصادی اور تجارتی مضمرات سے نمٹنے کے لیے سفارتی کوششوں میں حصہ (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے نوجوانوں کو وفاقی ملازمتوں میں نمائندگی دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، سیدال ناصر

وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹے پر فوری بھرتیوں کا آغاز گریڈ 1 سے 16 تک کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے اقدامات کئے جائیں، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ+اسلام آباد(این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو وفاقی ملازمتوں میں ان کے مقررہ کوٹے کے مطابق مواقع فراہم کرنا صوبے کی ترقی، معاشی استحکام اور عوامی خوشحالی کے لیے انتہائی اہم ہے۔وزیر اعظم آفس کی ہدایات پر وفاقی حکومت میں بلوچستان کے کوٹے کے تحت گریڈ 1 سے 16 تک کی خالی آسامیوں پر فوری بھرتیوں کا عمل شروع کرنے کا فیصلہ خوش آئند ہے، جس سے صوبے کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور وفاقی اداروں میں ان کی نمائندگی بہتر بنانے میں مدد ملے گی، بلوچستان کے کوٹے کے تحت خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے فوری اقدامات، متعلقہ بھرتیوں کے عمل کو تیز کرنے اور امیدواروں (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی کے اراکین سے خطاب کر رہے ہیں

دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل کنٹریکٹ ایوارڈ کر دیا گیا، ترجمان واپڈا

اسلام آباد(این این آئی) دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل (ایچ ایم ون) کنٹریکٹ ایوارڈ کر دیا گیا، کنٹریکٹ 133 ارب 18 کروڑ (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل کنٹریکٹ چینی کمپنی کو دے دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

وفاقی محتسب کی مؤثر مداخلت حب کی رہائشی خاتون کو سوئی سدرن گیس کمپنی کے 87 ہزار سے زائد کے بھاری بل میں بڑی رعایت، مسئلہ حل

کوئٹہ(این این آئی) وفاقی محتسب اعلیٰ کی فوری اور مؤثر مداخلت کے نتیجے میں ضلع لسبیلہ کے علاقے حب کی رہائشی خاتون کو سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (SSGCL) (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

سیاسی اختلاف دلیل اور مؤقف سے کیا جائے، قومی خزانے کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا عوامی امانت سے خیانت ہے

اختلاف کی آڑ میں کردار کشی، الزام تراشی جمہوری اقدار اور آئینی اصولوں کے منافی ہیں، سینیٹر مولانا عبدالواسع

کوئٹہ(این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل سابق رکن قومی اسمبلی آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ اختلاف کی آڑ میں کردار کشی، الزام تراشی اور سرکاری وسائل کو سیاسی مخالفین کے خلاف استعمال کرنے کی مبینہ کوششیں جمہوری اقدار اور آئینی اصولوں کے منافی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

قلعہ عبداللہ میں مجموعی طور پر 331 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کر دیا گیا، محکمہ ایکسائز بلوچستان

کوئٹہ(این این آئی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، نے بلوچستان میں منشیات کے خاتمے اور بھنگ، چرس کی غیر قانونی کاشت کے خلاف جاری انسداد بھنگ مہم 2026 کے تحت ضلع قلعہ عبداللہ کی تحصیل گلستان (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا کی آڈٹ رپورٹ میں 18 ارب 46 کروڑ روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

خیبر پختون خوا میں ناقص منصوبہ بندی اور کمزور انتظامی امور کے باعث قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچا

اسلام آباد (این این آئی) آڈٹ رپورٹ 2024-25 میں انکشاف کیا گیا ہے کہ صوبے میں مالی سال 2024-25 کے دوران خیبر پختون خوا اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی میں 18 ارب 46 کروڑ روپے کی مالی بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں۔رپورٹ کے مطابق خیبر پختون خوا میں ناقص منصوبہ بندی اور کمزور انتظامی امور کے (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

طیاروں کا فیول، لائٹ ڈیزل آئل اور مٹی کا تیل مہنگا

اسلام آباد(این این آئی) طیاروں کا فیول، لائٹ ڈیزل آئل اور مٹی کا تیل مہنگا کر دیا گیا، قیمتوں میں اضافے کا اطلاق ہو گیا ہے۔طیاروں کے ایندھن جیٹ فیول (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوطرفہ سرمایہ کاری معاہدے پر مذاکرات کا تیسرا دور اختتام پذیر

مذاکرات کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا اور باہمی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے، بیان

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوطرفہ سرمایہ کاری معاہدے پر مذاکرات کا تیسرا دور اسلام آباد میں اختتام پذیر ہو گیا، مذاکرات کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا اور باہمی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔اختتامی تقریب میں وفاقی وزیر برائے بورڈ آف (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

پنشن ملازم کا قانونی و آئینی حق ہے، خیرات نہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

وزارتِ خزانہ اور متعلقہ حکام کو نوید اللہ کی پنشن اور مراعات فوری جاری کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے قومی بچت مرکز میں تعینات افسر نوید اللہ کو ریٹائرمنٹ پر پنشن اور دیگر مراعات ادا کرنے کا حکم دیدیا۔جسٹس شاہ رخ ارجمند نے تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے وزارتِ خزانہ اور متعلقہ حکام کو نوید اللہ کی پنشن اور (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

پنشن کوئی خیرات، رعایت یا عطیہ نہیں، ملازم کا قانونی اور آئینی حق ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

دو دہائیوں تک ملازم کی سروس تسلیم کرنے کے بعد ریٹائرمنٹ پر پنشن روکنا غیر قانونی ہے، عدالت عالیہ

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 30 سالہ سروس مکمل کرنے والے ریٹائرڈ ملازم کی پنشن کی عدم فراہمی کے خلاف درخواست پر اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے وزارتِ خزانہ اور تمام متعلقہ حکام کو درخواست گزار کی پنشن اور ریٹائرمنٹ کی تمام مراعات فوری جاری کرنے کا حکم دیدیا۔جسٹس شاہ رخ ارجمند نے تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ پنشن (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

زلمے خلیل زاد کا پاکستان پر افغانوں کو طالبان کیخلاف استعمال کرنے کا الزام

زلمے خلیل زاد کے بے بنیاد دعوے محض ذاتی ایجنڈے کا حصہ ہیں جس کا مقصد دہشتگردی کی حامی طالبان رجیم کو تقویت دینا ہے، وزارت اطلاعات

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان نے افغانوں کو طالبان اور ان کے حامی دہشتگرد گروہوں سے لڑنے کے لیے مسلح کرنے پر زلمے خلیل زاد کے بے بنیاد اور گمراہ کن (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں انفلوئنزا ویکسینز کی عدم دستیابی کی وجہ سامنے آ گئی

قیمتوں میں اضافے کی منظوری نہ ملنے کے باعث ملٹی نیشنل کمپنیوں کی فلو ویکسینز پاکستان نہیں پہنچ سکیں، مصدق ملک

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ قیمتوں میں اضافے کی منظوری نہ ملنے کے باعث ملٹی نیشنل کمپنیوں کی فلو ویکسینز پاکستان نہیں پہنچ سکیں۔ایک بیان میں مصدق ملک نے کہا کہ 3 فلو ویکسینز کی قیمتوں کے تعین میں خامیوں اور غلطیوں کی نشاندہی ہوئی ہے، ویکسینز کی حالیہ درآمدی لاگت مجوزہ قیمتوں کے مقابلے میں کافی کم پائی گئی جس کے باعث قیمتوں میں کمی کی گنجائش موجود ہے۔وفاقی وزیر نے ڈریپ کو تینوں فلو ویکسینز کی قیمتوں کا متعلقہ پالیسی کے مطابق دوبارہ جائزہ لینے کی ہدایت کر دی ہے۔انہوں نے بتایا کہ 52 نئی ادویات میں سے بعض کی مجوزہ قیمتوں میں بھی خامیوں کی نشاندہی ہوئی ہے، بعض ادویات کی قیمتیں مقرر کرتے وقت متعلقہ قیمتوں کو مدنظر نہیں رکھا (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

مہنگے پیٹرول اور ڈیزل کے باوجود آئل ریفائنریز کے منافع میں 1184 فیصد تک اضافہ

اٹک ریفائنری کا خالص منافع 1.35 ارب سے بڑھ کر 18.65 ارب روپے ہو گیا

کراچی(این این آئی) پاکستان میں ایک طرف عوام مہنگے پیٹرول (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

پولیو سے بچاؤ کسی بچے کے پتے، غربت یا نقل مکانی کا محتاج نہیں ہونا چاہیے، بلاول بھٹو زرداری

بچوں کی صحت کے لیے والدین اور طبی عملے کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہونا ضروری ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہر بچے کو پولیو سے تحفظ دینا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، چاہے وہ کسی بڑے شہر کی کچی آبادی میں رہتا ہو، دور افتادہ گاؤں میں یا اپنے خاندان کے ساتھ مسلسل سفر میں ہو، کسی بچے کا حفاظتی قطروں سے محروم رہ جانا ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ہمارا کام ابھی باقی ہے۔میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری عالمی یوم انسداد پولیو پر اپنے پیغام میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انسدادِ پولیو کی ہر مہم کے بعد یہ سوال بھی پوچھنا چاہیے کہ کون سا بچہ پولیو کے قطرے پینے سے رہ گیا، وہ کیوں رہ گیا اور اس تک دوبارہ کب پہنچا جائے گا، انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم میں قطرے پینے سے محروم رہ جانے والا ہر بچہ ایک خاندان کی پوری دنیا ہوتا ہے۔چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ والدین کے اعتماد کو انسدادِ پولیو کی کوششوں کا (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے صدر بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹ ملک عیسیٰ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

بیرسٹر امجد ملک کی وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور زیر گفتگو

دس ملین اوورسیز پاکستانی ہر سال پاکستان میں اٹھاون بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرتے ہیں، بیرسٹر امجد ملک

اسلام آباد(این این آئی) وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک نے وزیر مملکت داخلہ سینیٹر طلال چوہدری سے اسلام آباد میں واقع انکے پارلیمانی چیمبر میں خصوصی ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور زیر گفتگو آئے۔وزیر مملکت داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے بیرسٹر امجد ملک کو اسلام آباد میں خوش آمدید کہا اور دس ملین اوورسیز پاکستانیوں کی خدمات کو سراہا۔

ہارون اختر خان کی زیر صدارت برآمدات کے فروغ کی ٹاسک فورس کا اجلاس، صنعتی ترقی اور معاشی بحالی کے اقدامات پر غور

مؤثر اور نتیجہ خیز پالیسیاں تشکیل دینے کے لیے صنعت کاروں کے ساتھ بامقصد مشاورت ضروری ہے، معاون خصوصی کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیر صدارت برآمدات اور صنعتی ترقی کے فروغ کے لیے قائم ٹاسک فورس کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں برآمدات میں اضافے، صنعتی سرگرمیوں کی بحالی اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں جوائنٹ سیکرٹری فریدون اکرم شیخ سمیت لیدر، سپورٹس گڈز، کٹلری، قالین اور دیگر برآمدات پر مبنی صنعتی شعبوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔وزارتِ صنعت و پیداوار کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق اجلاس کے دوران (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ عالمی امن کے فروغ اور تنازعات کے حل کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے، طارق فضل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نیا من، انصاف، انسانی وقار اور عالمی تعاون کے اصولوں سے وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقوام متحدہ عالمی امن کے فروغ اور تنازعات کے حل کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے۔وزارت پارلیمانی امور کی جانب سے اقوام متحدہ کے (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

چوبیس اکتوبر کشمیریوں کی تاریخ کا اہم دن، تحریک آزادی کی تکمیل تک جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کی تجدید کرتے ہیں، غلام محمد صفی

آزاد جموں وکشمیر کے یوم تاسیس کا اصل پیغام تحریک آزادی کشمیر کی تکمیل اور بھارتی غیر قانونی قبضے کے خاتمے کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم ہے، حریت رہنما

اسلام آباد (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر و پاکستان کے کنوینر غلام محمد صفی اور جملہ حریت رہنماؤں نے کہا ہے کہ 24 اکتوبر کشمیریوں (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

این ایچ اے کے مالیاتی استحکام کا حصول اولین ترجیح ہے، احد چیمہ

پی سی ون میں منصوبوں کے تجارتی اعتبار سے منافع بخش ہونے کی وضاحت زیادہ حقیقت پسندانہ اشاریوں کے ساتھ کی جائے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ نے کہا ہے کہ این ایچ اے کے مالیاتی استحکام کا حصول اولین ترجیح ہے۔وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں این ایچ اے کا بزنس پلان تیار کرنے کیلئے اقدامات، ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے کنسلٹنٹ کے ہمراہ جاری جائزے اور ادارے کو مالی طور پر مستحکم بنانے کی حکمت عملی پر غور کیا گیا۔حکام نے اے ڈی بی کے کنسلٹنٹ کے ساتھ جاری سٹڈی کے ابتدائی نتائج پر اجلاس کو بریفنگ دی۔اس موقع پر این ایچ اے کی کارکردگی بہتر بنانے، اس کے آپریشنز کو فعال کرنے اور مالیاتی پائیداری کے فروغ کے لیے مختلف ماڈلز اور تجاویز پیش کی گئیں۔وزارت اقتصادی امور کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

سی ڈی اے کی ڈیزائن ویٹنگ کمیٹی کی پانچ بڑے منصوبوں کی منظوری، بلیو ایریا میں 2 ہائی رائز ٹاورز بھی شامل

تمام منصوبوں کو حتمی منظوری سے قبل متعلقہ قانونی، تکنیکی اور ضابطہ جاتی تقاضے پورے کرنا ہوں گے، سی ڈی اے

اسلام آباد (این این آئی) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے اسلام آباد کے سکائی لائن کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور عمودی ترقی کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔سی ڈی اے کی ڈیزائن ویٹنگ کمیٹی نے شہر کے اہم تجارتی مرکز بلیو ایریا میں دو بلند و بالا ٹاورز سمیت پانچ بڑے تعمیراتی منصوبوں کی اصولی منظوری دے دی ہے۔

ایس آئی ایف سی کے تحت پاکستان میں کاروبار کے قواعد وضوابط کی تشکیلِ نو

557 اصلاحات کی منظوری، کاروباری شعبے کو سالانہ 460 ارب روپے کی ممکنہ بچت

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) آسان کاروبار اصلاحاتی پروگرام کے تحت کاروباری ضوابط کو سادہ بنانے، تعمیل کے اخراجات کم کرنے اور سرمایہ کاری و کاروباری سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول کی تشکیل کے سلسلے میں (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف کا اگلے ماہ دورہ روس متوقع، صدر پوتن سے ملاقات ہوگی

دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، سفارتی، تجارتی، اقتصادی اور توانائی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جائیگی

ماسکو(این این آئی) وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کا 30 نومبر سے روس کا چار روزہ سرکاری دورہ متوقع ہے جس کے دوران وہ روسی صدر ولادیمیر پوتن سے اہم ملاقاتیں کریں گے۔

ترقیاتی امور سے متعلق درست اور مستند معلومات تک عوام کی رسائی ان کا بنیادی حق اور شفاف حکمرانی کا اہم تقاضا ہے، شاہد رند

باخبر شہری نہ صرف ترقیاتی منصوبوں سے بہتر طور پر مستفید ہوسکتے ہیں بلکہ حکومتی اقدامات کی نگرانی اور جوابدہی کے عمل میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے ورلڈ ڈویلپمنٹ انفارمیشن ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ترقیاتی امور سے متعلق درست اور مستند معلومات تک عوام کی رسائی ان کا بنیادی حق اور شفاف حکمرانی کا اہم تقاضا ہے۔باخبر شہری نہ صرف ترقیاتی منصوبوں سے بہتر طور پر مستفید ہوسکتے ہیں بلکہ حکومتی اقدامات کی نگرانی اور جوابدہی کے عمل میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔شاہد رند نے کہا کہ ترقیاتی معلومات کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنا اور ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے مستند معلومات کی بروقت فراہمی ترقیاتی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

سردار نثار علی ہزارہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا کی قیادت میں وفد نے امام بارگاہ نچاری علمدار روڈ جا کر سابق صوبائی وزیر تعلیم سردار نثار علی ہزارہ کے انتقال پر سردار حیدر اور دیگر اہلخانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔وفد نے مرحوم کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔



کوئٹہ، اسٹیشن روڈ کے ساتھ دکانداروں کی غیر قانونی تجاوزات نے شدید ٹریفک مسائل پیدا کر دیے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالستار کو میرج گرانٹ کی مد میں پچاس ہزار کا چیک دلوا دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) درخواست گزار عبدالستار نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعدد بار متعلقہ محکمے کو درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)



شمالی ڈیرہ بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مقامی عمائدین اور بزرگ شہریوں سے مل رہے ہیں

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily FARZAND-E-KASHMIR
روزنامہ فرزندِ کشمیر
چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391
فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207,
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

امریکا کی وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران پر حملے کی تیاری

امریکی اخبار 'دی نیویارک ٹائمز' اور دیگر عالمی ذرائع ابلاغ کی رپورٹوں کے مطابق امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست کی افواج ایران کے خلاف نئی کارروائی کے منصوبے تیار کیے بیٹھی ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ ممکنہ اہداف میں توانائی کا ڈھانچا، جوہری تنصیبات اور میزائل و ڈرون کے ذخائر شامل ہو سکتے ہیں اور یہ کہ کارروائی مختصر مگر شدید ہوگی۔ یہ خبریں ایسے وقت آ رہی ہیں جب خطہ پہلے ہی رواں برس فروری کے آخر میں امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست کی طرف سے ایران پر مسلط کی جانے والی جنگ کے زخم چاٹ رہا ہے۔ سوال یہ نہیں کہ طاقت کے کھلاڑیوں کے پاس کتنے منصوبے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان منصوبوں کی قیمت کون ادا کرے گا اور کیا اس قیمت کے بدلے کچھ ایسا بھی حاصل ہوگا جو مذاکرات کی میز پر نہیں مل سکتا؟

رپورٹوں کے مطابق، یہ تیاریاں محض کاغذی نہیں ہیں بلکہ دونوں ممالک کی افواج نے مشقیں بڑھا دی ہیں جن میں عراق کی فضائی حدود میں پروازیں بھی شامل ہیں تاکہ حملوں کے طریقہ کار کی مشق کی جا سکے۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کی اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو سے ملاقات کو بھی اسی تناظر میں دیکھا جا رہا ہے۔ اطلاعات یہ بھی ہیں کہ اکتوبر کے وسط میں ناجائز صہیونی ریاست کا ایران پر کئی روزہ بمباری کا منصوبہ تھا مگر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات سے پہلے نیا محاذ کھولنے سے گریز کیا۔ یہ بات بہت زیادہ تشویش کا باعث اس لیے ہونی چاہیے کیونکہ اس کی وجہ سے کروڑوں انسانوں کی زندگیاں داو? پر لگی ہوئی ہیں۔

خلیج کے ممالک اس صورتحال میں سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کے ترجمان کا یہ کہنا کہ اشتعال انگیزی جاری رہی تو امریکا کے علاقائی اڈوں کو نشانہ بنایا جائے گا، دراصل ان تمام میزبان ملکوں کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے جہاں یہ اڈے موجود ہیں۔ ادھر، کویت کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ڈرون اور میزائل حملوں کے بعد امریکی سفارتخانے کو تمام قونصلر خدمات معطل اور شہریوں کو چوکس رہنے کی ہدایت کرنا پڑی۔ یہ معمولی انتظامی خبر نہیں۔ جب ایک ہوائی اڈا، جو عام مسافروں، تاجروں اور مزدوروں کی گزرگاہ ہے، حملے کی زد میں آ جائے اور سفارتخانے دروازے بند کرنے لگیں تو سمجھ لینا چاہیے کہ جنگ کی آنچ عام شہری کی دہلیز تک پہنچ چکی ہے۔

اسی دوران امریکی سفیر اور شام و عراق کے لیے صدارتی ایلچی ٹام بیرک کا بیان خطے کے لیے ایک اہم اشارہ ہے۔ دوحہ میں گلوبل سکیورٹی فورم سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ امریکا اب تیل کے بدلے خطے کو تحفظ دینے کا کردار مزید ادا نہیں کر سکتا اور خطے کے ممالک کو اپنی سلامتی کی ذمہ داری خود سنبھالنی چاہیے۔ ان کے بقول، یہ اقدام خطے کو چھوڑ دینا نہیں بلکہ حکمت عملی کی از سر نو ترتیب ہے۔ کوئی اس بیان سے اتفاق کرے یا اختلاف مگر یہ واضح طور پر دکھائی دے رہا ہے کہ خطے کے ملکوں کے پاس اپنے مسائل بات چیت سے حل کرنے کے سوا اب کوئی پائیدار راستہ نہیں بچا۔ اس سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ دوسروں کی ضمانت پر قائم امن ہمیشہ ناپائیدار ہوتا ہے۔

دوسری طرف، اس حوالے سے ایران کا موقف بھی سامنے ہے۔ وزیر خارجہ عباس عراقچی کے مطابق، امریکا کو آبنائے ہرمز کھولنے اور مذاکرات کے لیے ایران کی شرائط پوری کرنا ہوں گی۔ ساتھ ہی انھوں نے یہ بھی کہا ہے کہ انھیں امریکا سے بات چیت میں پیش رفت کی زیادہ امید نہیں۔ یہ بیان ایران کے امریکا کے رویے سے بیزاری کا اظہار تو ہے لیکن ایسا لگتا ہے کہ دروازہ ابھی مکمل بند نہیں ہوا۔ شرائط کا ذکر ہی اس بات کا اعتراف ہے کہ مذاکرات کی امید زندہ ہے۔ سفارت کاری کا فن یہی ہے کہ سخت بیانات کے پیچھے چھپے ہوئے مشترکہ مفادات تلاش کیے جائیں۔ ہر فریق عوامی سطح پر سخت زبان بولتا ہے لیکن خاموش رابطے وہاں بھی راستہ نکال لیتے ہیں جہاں اعلانات سب راہیں مسدود کر چکے ہوں۔

یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ فوجی طاقت سے مسائل 'ختم' کر دینے کے دعوے اکثر کھوکھلے ثابت ہوتے ہیں۔ جنگ کی بحث میں ایک اور چیز اکثر نظر انداز ہو جاتی ہے اور وہ ہے اعداد و شمار کے پیچھے چھپا ہوا انسان۔ توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے کا مطلب صرف تنصیبات کی تباہی نہیں۔ اس کا مطلب اسپتالوں میں بجلی کا بند ہونا ہے، پانی صاف کرنے والے نظام کا رک جانا ہے، کارخانوں کا بند ہو جانا ہے اور ان لاکھوں خاندانوں کا بے سہارا ہو جانا ہے۔ بین الاقوامی قانون شہری بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کا تقاضا کرتا ہے اور یہ تقاضا محض قانونی نہیں بلکہ اخلاقی بھی ہے۔ کوئی بھی سیاسی ہدف لاکھوں معصوم جانوں کے ضیاع کا جواز نہیں بن سکتا۔

اس صورتحال میں پاکستان کا کردار بھی بہت اہمیت کا حامل ہے اور وہ سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں بھی شامل ہے۔ ہم ایران کے ہمسایے ہیں، ہمارے اس سے کئی طرح کے تعلقات ہیں اور ہماری معیشت، تجارت اور داخلی استحکام خطے کی صورتحال سے براہِ راست متاثر ہوتے ہیں۔ پناہ گزینوں کی ممکنہ آمد، سرحدی سلامتی، توانائی کی ترسیل اور بیرونِ ملک مقیم لاکھوں پاکستانی محنت کشوں کا روزگار، سب اس بحران سے جڑے ہیں۔ خلیجی ممالک سے آنے والی ترسیلاتِ زر ہماری معیشت کا اہم ستون ہیں۔ اگر وہاں جنگ پھیلتی ہے تو اس کا اثر محض سفارتی نہیں رہے گا بلکہ گھر گھر پہنچے گا۔ اس لیے ہماری ریاست اور سول سوسائٹی دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر دستیاب پلیٹ فارم پر مذاکرات کی بات کریں۔

اس موقع پر مسلم دنیا اور عالمی اداروں کا کردار فیصلہ کن ہو سکتا ہے۔ اقوامِ متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم اور خلیجی تعاون کونسل جیسے ادارے اگر محض بیانات پر اکتفا کرنے کی بجائے عملی ثالثی کی کوشش کریں تو بہت کچھ بدل سکتا ہے۔ قطر اور عمان جیسے ممالک ماضی میں پسِ پردہ رابطوں کے ذریعے کشیدگی کم کرنے میں کردار ادا کر چکے ہیں۔ چین، روس، یورپ اور دیگر طاقتیں جن کے مفادات استحکام سے وابستہ ہیں، اس سلسلے میں اپنا اثر و رسوخ استعمال کر سکتی ہیں۔ ثالثی کامیاب تب ہوتی ہے جب سب فریق یہ محسوس کریں کہ انھیں شکست نہیں بلکہ ایک باعزت راستہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اسی لیے ایسی تجاویز سامنے آنی چاہئیں جن کے ذریعے ہر فریق اپنی عوام کو کامیابی کا تاثر دے سکے۔

اس حوالے سے ایک اور نکتہ یہ ہے کہ سیاسی قیادت کو جنگ کے فیصلوں کو انتخابی حساب کتاب سے الگ رکھنا چاہیے۔ اگر کسی ملک میں حملے کا وقت اس بنیاد پر طے ہو کہ ووٹروں پر اس کا کیا اثر پڑے گا تو یہ جمہوریت کے لیے اچھی علامت نہیں۔ جنگ کوئی ایسا ہتھیار نہیں جسے سیاسی موسم کے مطابق نکالا اور رکھا جائے۔ جب جنگ ملتوی کی جاتی ہے تو اسے امن کا وقفہ سمجھ لینا غلط فہمی ہے، حقیقی امن اس وقت قائم ہوتا ہے جب وقفے کو مذاکرات کے لیے استعمال کیا جائے، نہ کہ اگلے حملے کی تیاری کے لیے، لہٰذا فریقین کو چاہیے کہ اپنے موقف میں لچک پیدا کریں اور دنیا کو عدم استحکام کی طرف دھکیلنے کی بجائے مذاکرات کے ذریعے مسائل کا حل نکالیں۔

پاکستان کا تاریخی سفارتی امتحان.....

اشتیاق چودھری

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرقِ وسطیٰ ایک نازک موڑ پر کھڑا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکراتی عمل تعطل کا شکار ہے جبکہ خطے میں کشیدگی کے بادل منڈلا رہے ہیں اور دنیا کی نظریں اس امر پر مرکوز ہیں کہ آیا سفارت کاری جنگ کے خطرات کو کم کرنے میں کامیاب ہو سکے گی یا نہیں؟ پاکستان کی جانب سے ایران اور امریکہ کے درمیان رابطوں اور مذاکرات کی بحالی کے لیے کوششیں محض ایک سفارتی سرگرمی نہیں ہے بلکہ خطے کے امن، پاکستان کے قومی مفادات اور عالمی استحکام سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا اسلام آباد اپنے سفارتی اثر و رسوخ کو بروئے کار لاتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان اعتماد کی بحالی اور مذاکرات کی نئی راہ ہموار کر سکتا ہے؟

حال ہی میں ایران کے دورے کے دوران مجھے چیف جسٹس سپریم کورٹ آف ایران جعفر علی المنتظری، چیف جسٹس ہائیکورٹ خراسان ڈاکٹر شیخ رضا زرندی، ،امام خمینی کے پوتے سید حسن خمینی مرکزی وزیر قانون ڈاکٹر امین حسین رحیمی، وزیر اطلاعات وثقافت ڈاکٹر محمد ایمانی پوری، گورنر خراسان ڈاکٹر غلام حسین مظفری، صدر (وائس چانسلر) قم یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر سید حسن شوبری کیساتھ ملاقات کے علاوہ ایران کی مجلس شوریٰ کی ٹاپ لیڈرشپ، قائدین وکلا کمیونٹی، ایرانی یونیورسٹیز کے اساتذہ و طلبا اور میدان ولی اثرو تجریش میں خطاب کے دوران ایرانی عوام سے براہ راست انٹرایکشن کا موقع ملا جس سے ایرانی معاشرے، وہاں کے عوام کے جذبات اور جنگ و امن کے بارے میں ان کے احساسات کو قریب سے دیکھنے اور سمجھنے کا موقع بھی میسر آیا۔ اس تجربے نے میرے اس یقین کو مزید تقویت دی کہ جنگ کا بوجھ بالآخر عام شہری اٹھاتے ہیں جبکہ امن کی کامیابی پوری انسانیت کا مشترکہ مفاد ہے۔

میں نے مشرق وسطیٰ کی سیاست پر فارسی زبان میں شائع ہونیوالی اپنی حالیہ تصنیف "ایران، امریکہ، اسرائیل در آیینہ کشمکش" میں بھی یہی نکتہ اٹھایا ہے کہ پاکستان کو جنگ کے بحران میں امن کے لیے ایک موثر، متوازن اور اصولی کردار ادا کرنا چاہیے۔ ہماری سفارت کاری کا مقصد کسی ایک فریق کی سیاسی فتح نہیں بلکہ ایسا قابل عمل حل ہونا چاہیے جو ریاستوں کی سلامتی، شہریوں کے تحفظ، بین الاقوامی قانون کی پاسداری اور خطے میں پائیدار امن کو یقینی بنانے میں مدد دے۔

مختلف اخبارات کی رپورٹنگ کے مطابق ایرانی قیادت نے مذاکرات کی بحالی سے پہلے امریکی پابندیوں، دھمکیوں اور اعتماد کے فقدان سے متعلق اپنے مطالبات پیش کیے ہیں جبکہ پاکستان کی ثالثی کی کوششیں ابھی کسی حتمی معاہدے پر منتج نہیں ہوئیں۔ اصل سوال بھی یہی ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان اعتماد کیسے بحال ہو؟ اعتماد کی بحالی صرف بیانات یا عارضی جنگ بندی سے ممکن نہیں۔ اس کے لیے باہمی یقین دہانیوں، قابلِ تصدیق اقدامات اور مسلسل سفارت کاری کی ضرورت ہے۔۔ پاکستان ، امریکہ اور ایران کے درمیان بہتر سفارت کاری کیلئے درج ذیل اقدامات اٹھا سکتا ہے۔

اول۔ پاکستان کو مستقل طور بر جنگ بندی اور مذاکرات کے تسلسل کا بیانیہ برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔ فریقین کو فوجی تصادم روکنے اور مذاکرات کے لیے مستقل رابطہ نظام قائم کرنے پر توجہ دینی چاہیے۔

دوم۔ امریکہ کو یہ باور کروانے کی ضرورت ہے کہ وہ مرحلہ وار اعتماد سازی بحال کرے۔ پابندیوں میں ممکنہ نرمی کے اقدامات اور ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق قابلِ تصدیق یقین دہانیوں کو باہمی، مرحلہ وار معاہدے سے جوڑا جا سکتا ہے۔

تیسرا اہم نکتہ عدم جارحیت کی یقین دہانی ہوسکتا ہے۔ دونوں ممالک ایک دوسرے کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور شہری آبادی کے تحفظ کے احترام کا عہد کریں۔

چہارم۔ ثالثی کا موثر نظام قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان، عمان، قطر اور دیگر قابلِ قبول ثالث رابطوں مذاکرات اور اختلافات کے پُرامن حل میں معاونت کر سکتے ہیں۔

پانچواں اہم نکتہ عوامی اعتماد کی بحالی ہے۔ تعلیمی، ثقافتی، انسانی اور عوامی سطح کے روابط کو بھی سفارتی عمل کا حصہ بنایا جائے۔ اعتماد محض وعدوں سے پیدا نہیں ہوتا بلکہ تب قائم ہوتا ہے جب فریقین اپنے وعدوں پر عمل کرتے ہیں اور خلاف ورزی کی صورت میں ایک قابلِ قبول طریقہ کار موجود ہوتا ہے

مختصراً "ایران اور امریکہ کے درمیان پائیدار امن کا راستہ کسی ایک فریق کی مکمل پسپائی میں نہیں بلکہ ایسے قابلِ تصدیق معاہدے میں ہے جو دونوں کی جائز سلامتی کی ضروریات کا احترام کرے اور پورے خطے کو جنگ کے خطرات سے محفوظ بنائے۔

تاہم اسرائیل کا معاملہ امریکہ سے ذرا مختلف ہے۔ اقوام عالم کا سب سے بڑا امتحان اسرائیل کو بین الاقوامی قانون کے تابع کرتے ہوئے غزہ میں کی گئی نسل کشی کا جواب دہ بنانا ہے اور عالمی عدالت انصاف کے فیصلوں پر عمل درآمد کرتے ہوئے بنجمن نیتن یاہو کو گرفتار کرنا ہے۔ 1945 میں اقوام متحدہ کے قیام سے لیکر بین الاقوامی قوانین کی ساکھ گزشتہ تین سال کے عرصہ میں سب سے زیادہ متاثر ہوئی ہے۔ مذکورہ عالمی ادارے کی کریڈیبلٹی اس وقت شدید متاثر ہوتی ہے جب اس کے نفاذ کا مطالبہ بعض ریاستوں کے لیے کیا جائے اور بعض کے لیے نظر انداز کر دیا جائے۔ اقوام متحدہ کے منشور میں ریاستوں کی خودمختار مساوات، تنازعات کے پُرامن حل اور طاقت کے غیر قانونی استعمال سے اجتناب کے اصول درج ہیں۔ تاہم، کسی مخصوص فوجی کارروائی کی قانونی حیثیت کا تعین حقائق، متعلقہ قانونی قواعد اور دستیاب شواہد کی بنیاد پر ہونا چاہیے

مندرجہ بالا بحث کو یوں سمیٹا جا سکتا ہے کہ ایران، اسرائیل اور امریکہ کے درمیان کشیدگی محض تین ریاستوں کا مسئلہ نہیں بلکہ اس کے اثرات پورے خطے اور عالمی امن پر مرتب ہوتے ہیں۔ اس بحران کا حل طاقت کے مزید استعمال میں نہیں بلکہ سنجیدہ مذاکرات، باہمی یقین دہانیوں اور بین الاقوامی قوانین کے احترام میں تلاش کیا جانا چاہیے۔

پاکستان کے پاس سفارتی رابطوں، ایران کے ساتھ ہمسائیگی، امریکہ کے ساتھ تعلقات اور اسلامی دنیا میں اپنے کردار کو بروئے کار لانے کا موقع موجود ہے۔ اسلام آباد اقوام متحدہ اور اسلامی تعاون تنظیم کے پلیٹ فارمز پر جنگ بندی، مذاکرات اور قانونی احتساب کے لیے مشترکہ کوششوں کو آگے بڑھا سکتا ہے۔ لیکن امن کی سفارت کاری اسی وقت نتیجہ خیز ہوگی جب تمام متعلقہ ریاستیں یہ تسلیم کریں کہ قومی مفادات کے تحفظ کا حق اپنی جگہ، مگر کوئی ریاست بین الاقوامی قانون سے بالاتر نہیں۔ انصاف کے بغیر امن کمزور اور مکالمے کے بغیر انصاف کی کوششیں نامکمل رہتی ہیں۔ ہمیں عالمی برادری کو دوٹوک پیغام دینا چاہیے کہ ہم کسی قوم کے خلاف نہیں لیکن جنگ کے خلاف ہیں۔ کسی ریاست کے جائز حقوق کے منکر نہیں، بلکہ تمام ریاستوں کے لیے یکساں قانونی معیار کے حامی ہیں۔ ہمارا مقصد کسی فریق کی شکست نہیں، بلکہ ایسا پائیدار امن ہے جس میں انسانی جان، قومی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کا احترام یقینی ہو۔

عالمی معدنیات کی منڈی میں پاکستان کے لیے نئے مواقع

ذیشان زیدی

عالمی منڈی میں اہم معدنیات کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیشِ نظر پاکستان بھی اس شعبے میں اپنا کردار بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ ملک میں تانبے، سونے، کرومائٹ، کوئلے، قیمتی پتھروں، نایاب زمینی عناصر اور دیگر صنعتی معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ پاکستان کی معدنی دولت کا تخمینہ 8 ہزار ارب ڈالر لگایا گیا ہے، جو تقریباً 6 لاکھ مربع کلومیٹر کے علاقے میں پھیلی ہوئی ہے۔ ملک میں اب تک 92 معدنیات کی نشاندہی کی جا چکی ہے، جن میں سے 52 کو تجارتی بنیادوں پر نکالا جا رہا ہے۔ عالمی معیشت کا معدنی وسائل پر بڑھتا ہوا انحصار پاکستان کے لیے ایک اہم موقع ہے۔ تاہم، اصل چیلنج ان قدرتی وسائل کو قابلِ عمل منصوبوں، سرمایہ کاری، برآمدات اور مقامی صنعتوں کی ترقی میں تبدیل کرنا ہے۔ اس مقصد کے لیے پاکستان نے قومی معدنیات ہم آہنگی فریم ورک متعارف کرایا ہے، جس کے تحت صوبوں میں کان کنی کے قوانین کو یکساں بنانے، لائسنس کے اجرا کے عمل کو آسان کرنے اور عالمی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس پالیسی کے ساتھ حکومت نے مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو متوجہ کرنے کے لیے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم (پی ایم آئی ایف) قائم کیا ہے۔ اس سالانہ فورم کا مقصد پاکستان کے معدنی وسائل کو اجاگر کرنا اور معدنیات کی تلاش، پراسیسنگ اور متعلقہ صنعتوں میں شراکت داری کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ معدنی وسائل سے مالا مال پاکستان کے لیے اہم موقع پاکستان میں معدنی وسائل کی بڑی صلاحیت موجود ہے، لیکن قومی معیشت میں اس شعبے کا حصہ اب بھی محدود ہے۔ امریکی محکمہ تجارت کے مطابق، کان کنی کا شعبہ پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں تقریباً 3.2 فیصد حصہ ڈالتا ہے۔ یہ اعداد و شمار ملک میں معدنی وسائل کی صلاحیت اور معیشت میں ان کے موجودہ کردار کے درمیان فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔ جغرافیائی اعتبار سے بھی پاکستان کو اہم مقام حاصل ہے۔ ملک کا ایک حصہ ٹیتھیان میٹالوجینک بیلٹ میں واقع ہے، جو معدنی وسائل سے مالا مال ایک وسیع خطہ ہے۔ یہ خطہ جنوب مشرقی یورپ سے ترکیہ، مشرقِ وسطیٰ اور ہمالیہ کے پہاڑی سلسلے سے ہوتا ہوا پاکستان تک پھیلا ہوا ہے۔ یہاں تانبے اور سونے کے بڑے ذخائر پائے جاتے ہیں، جو پاکستان میں بڑے پیمانے پر کان کنی اور معدنیات کی تلاش کے لیے اہم مواقع فراہم کرتے ہیں۔ دنیا کے مختلف ممالک معدنی وسائل کی فراہمی کے ذرائع میں تنوع پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جس سے پاکستان کے لیے ان مواقع کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ بین الاقوامی توانائی ایجنسی (آئی ای اے کے مطابق، 2026 میں برقی گاڑیوں، بیٹریوں، قابلِ تجدید توانائی، بجلی کے نظام اور دیگر جدید توانائی کی ٹیکنالوجیز کی وجہ سے اہم معدنیات کی طلب میں اضافہ جاری رہا۔ ادارے کے مطابق، ان معدنیات کی پیداوار اور ریفائننگ کا بڑا حصہ اب بھی چند ممالک تک محدود ہے۔ ایسی صورتِ حال میں پاکستان تانبے، لیتھیم اور دیگر اہم معدنیات کے نئے ذرائع کی تلاش کے لیے سرمایہ کاری حاصل کر سکتا ہے، جبکہ معدنیات کی تلاش، پراسیسنگ اور متعلقہ خدمات میں مقامی صلاحیت بھی بڑھائی جا سکتی ہے۔ عالمی توانائی کے شعبے میں تبدیلی کے عمل میں تانبے کو مرکزی اہمیت حاصل ہے۔ یہ بجلی کی ترسیل کے نظام، قابلِ تجدید توانائی کے منصوبوں، برقی گاڑیوں، موٹروں اور جدید ڈیجیٹل نظام میں استعمال ہوتا ہے۔ بین الاقوامی توانائی ایجنسی بھی تانبے کو بجلی سے متعلق ٹیکنالوجی کا ایک بنیادی جزو قرار دیتی ہے۔ آئی ای اے کی 2025 کی رپورٹ کے مطابق، 2040 تک جدید توانائی کی ٹیکنالوجیز میں تانبے کی طلب میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ بلوچستان کے ضلع چاغی میں واقع ریکوڈک تانبے اور سونے کا منصوبہ دنیا کے بڑے غیر ترقی یافتہ معدنی ذخائر میں شمار ہوتا ہے۔ عالمی کان کنی کی کمپنی بیرک مائننگ کارپوریشن کے پاس اس منصوبے کے 50 فیصد حصص ہیں، جبکہ حکومت بلوچستان کی ملکیت 25 فیصد ہے۔ باقی 25 فیصد حصص پاکستان کے تین سرکاری اداروں (او جی ڈی سی، پی پی ایل اور جی ایچ پی ایل) کے پاس ہیں۔ فروری 2025 میں بیرک نے ریکوڈک منصوبے کی تازہ فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرنے کا اعلان کیا۔ اس جائزے کے مطابق، منصوبے کی متوقع مدتِ کان کنی 37 سال ہے، جبکہ اس پر مجموعی سرمایہ کاری کا تخمینہ 8.83 ارب ڈالر لگایا گیا ہے۔ منصوبے سے پیداوار 2028 کے اختتام تک شروع ہونے کی توقع ہے۔ فزیبلٹی اسٹڈی کے مطابق، ریکوڈک میں تقریباً 3 ارب ٹن کے ممکنہ طور پر قابلِ استخراج معدنی ذخائر موجود ہیں، جن میں اندازاً 1 کروڑ 50 لاکھ ٹن تانبا اور 2 کروڑ 60 لاکھ اونس سونا شامل ہے۔ بیرک کے تخمینے کے مطابق، منصوبہ اپنی پوری مدت کے دوران تقریباً 90 ارب ڈالر کا آپریٹنگ کیش فلو اور 70 ارب ڈالر کا فری کیش فلو پیدا کر سکتا ہے۔ لیتھیم: پاکستان کے لیے ایک نیا امکان لیتھیم بھی عالمی توانائی کی منتقلی میں اہم معدنیات میں شامل ہو چکا ہے۔ یہ برقی گاڑیوں، بجلی ذخیرہ کرنے کے نظام، اسمارٹ فونز اور لیپ ٹاپس میں استعمال ہونے والی ری چارج ہونے والی بیٹریوں کا اہم جزو ہے۔ بین الاقوامی توانائی ایجنسی نے 2025 کی اپنی رپورٹ میں پیش گوئی کی تھی کہ 2024 سے 2040 کے دوران لیتھیم کی مجموعی طلب چار گنا سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ پاکستان میں بھی لیتھیم کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ جولائی 2026 میں آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے سندھ میں زیادہ درجہ حرارت والے ایک زیرِ زمین کنویں کے تشکیل شدہ پانی میں لیتھیم کی موجودگی کا پتا چلایا۔ کمپنی کے مطابق، اس پانی میں لیتھیم کی مقدار بعض ممالک میں پائے جانے والے اعلیٰ معیار کے لیتھیم والے زیرِ زمین نمکین پانی کے ذخائر سے ملتی جلتی ہے۔ او جی ڈی سی کے مطابق، پاکستان میں یہ اپنی نوعیت کی پہلی دریافت ہے۔

پی ایم آئی ایف 2026 عالمی سرمایہ کاروں کے لیے کیوں اہم ہے؟ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم ملک کے معدنی وسائل کو دنیا کے سامنے پیش کرنے اور عالمی سرمایہ کاری حاصل کرنے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ اس کا مقصد پاکستان میں معدنیات سے متعلق مواقع کو عالمی سرمایہ، جدید ٹیکنالوجی اور بین الاقوامی مہارت سے جوڑنا ہے۔ پی ایم آئی ایف 2026، 12 اور 13 نومبر کو اسلام آباد کے جناح کنونشن سینٹر میں منعقد ہوگا۔ فورم کے ایجنڈے میں معدنیات کی تلاش، منصوبوں کی تیاری و ترقی، پراسیسنگ، پائیدار کان کنی، جدید ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری شامل ہیں۔ یہ فورم ان سرمایہ کاروں کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے جو معدنی وسائل کی فراہمی کے نئے ذرائع تلاش کر رہے ہیں۔ پی ایم آئی ایف 2026 کے ذریعے سرکاری حکام، متعلقہ اداروں، سرمایہ کاروں، کان کنی کمپنیوں، ٹیکنالوجی فراہم کرنے والوں اور دیگر اہم فریقوں کو ایک جگہ جمع ہونے کا موقع ملے گا پی ایم آئی ایف 2025 نے اس پلیٹ فارم میں عالمی دلچسپی کو نمایاں کیا۔ فورم کے پہلے ایڈیشن میں 50 سے زائد ممالک کے 5 ہزار سے زیادہ مندوبین نے شرکت کی، جبکہ 16 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کیے گئے اور 18 پینل مباحثے منعقد ہوئے۔ پاکستان کے لیے اصل موقع یہ ہے کہ وہ معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہونے کے ساتھ ساتھ عالمی معدنی سپلائی چین میں ایک قابلِ اعتماد شراکت دار بھی بنے

انصاف تک آسان رسائی: سپریم کورٹ کا عوامی سہولت کی جانب اہم قدم

شمائلہ ناز

انصاف کے طالب شہری کے لیے حصولِ انصاف کا سفر بذاتِ خود ایک آزمائش نہیں بننا چاہیے۔ متعلقہ دفتر تک پہنچنا، طریق کار کو سمجھنا، مقدمے کے بارے میں معلومات حاصل کرنا یا محض یہ جاننا کہ مدد کے لیے کس سے رجوع کیا جائے، بعض اوقات عدالتی کارروائی جتنا ہی دشوار محسوس ہوتا ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان اس صورتِ حال کو بہتر بنانے کے لیے ضروری سہولتیں عوام کی دسترس میں لا رہی ہے، تاکہ انصاف تک رسائی آسان ہو، شہریوں کی ضروریات کا بروقت جواب دیا جا سکے اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکے۔ پبلک فسیلیٹیشن سینٹر (مرکزِ سہولتِ عامہ) کا قیام اسی مقصد کے تحت عمل میں لایا گیا۔ سپریم کورٹ آنے والے سائلین اور دیگر شہریوں کے لیے قائم یہ مرکز ون ونڈو نظام کے تحت مختلف خدمات ایک ہی مقام پر فراہم کرتا ہے۔ شہریوں کو ایک دفتر سے دوسرے دفتر جانے کی زحمت دینے کے بجائے، مرکز خود متعلقہ شعبوں سے رابطہ اور ضروری امور کی ہم آہنگی کرتا ہے، تاکہ مطلوبہ معاونت ایک ہی جگہ سے حاصل کی جا سکے۔ مقصد واضح ہے: انصاف کی فراہمی کے ساتھ حصولِ انصاف کی راہ بھی ہموار ہونی چاہیے۔ سپریم کورٹ اب اس سلسلے کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے پبلک فسیلیٹیشن سینٹر کے احاطے میں لیگل ایڈ سیل قائم کر رہی ہے۔ یہ سیل مرکز میں پہلے سے دستیاب انتظامی اور سہولیاتی خدمات کی تکمیل کرتے ہوئے ایسے مستحق افراد کو قانونی معاونت فراہم کرے گا، جنھیں اپنے قانونی حقوق کے حصول یا تحفظ کے لیے رہنمائی درکار ہو۔ اس مقصد کے لیے ایک قانونی معاون مقرر کیا گیا ہے، جو ان افراد کی رہنمائی کرے گا اور مناسب قانونی امداد تک ان کی رسائی میں مدد دے گا۔ یہ نیا قدم عوامی خدمات کو آن لائن اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے فراہم کرنے کی سپریم کورٹ کی وسیع تر کاوشوں کا بھی حصہ ہے۔ سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر موجود پبلک فسیلیٹیشن سینٹر پورٹل کے ذریعے تقریباً بیس خدمات پہلے ہی آن لائن دستیاب ہیں۔ یوں شہری عدالت آئے بغیر متعدد خدمات حاصل کر سکتے ہیں، اور ان خدمات کا دائرہ مسلسل بڑھ رہا ہے۔ اس کا بنیادی اصول واضح ہے: ٹیکنالوجی سائل کی مشکلات میں کمی کا ذریعہ بنے، اس پر مزید بوجھ ڈالنے کا نہیں۔ تاہم، رسائی کو آسان بنانے کا مقصد محض خدمات آن لائن فراہم کر دینے سے پورا نہیں ہوتا۔ کسی شہری کو اب بھی کوئی سوال پوچھنا، کسی طریق کار کو سمجھنا یا اپنے مقدمے کی موجودہ صورتِ حال جاننا ہو سکتا ہے۔ اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے سپریم کورٹ نے مخصوص ہیلپ لائن متعارف کرائی ہے۔ اس کے ذریعے شہری اپنے مقدمات کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں، آن لائن خدمات کے استعمال میں مدد لے سکتے ہیں اور انتظامی امور سے متعلق سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ لیگل ایڈ سیل کے قیام کے ساتھ یہی رابطہ قانونی معاونت کے خواہاں افراد کے لیے بھی رہنمائی کا ذریعہ بنے گا۔ مقصد یہ ہے کہ محض ایک جواب حاصل کرنے کے لیے شہری کو یہ معلوم کرنے کی ضرورت نہ پڑے کہ کس شعبے سے رجوع کرے، کس سے رابطہ کرے یا کہاں جائے۔ ضرورت انتظامی ہو، ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق ہو یا قانونی نوعیت کی، نظام کو بتدریج شہری کی ضروریات کے مطابق ڈھالا جا رہا ہے، تاکہ اسے پیچیدہ دفتری مراحل میں اپنا راستہ خود تلاش نہ کرنا پڑے۔ پبلک فسیلیٹیشن سینٹر، اس کا آن لائن پورٹل، ہیلپ لائن اور نیا قائم کردہ لیگل ایڈ سیل الگ الگ اقدامات نہیں ہیں۔ یہ ایک مربوط سلسلے کی کڑیاں ہیں، جن کا مقصد سپریم کورٹ تک رسائی آسان بنانا، شہریوں کی ضروریات پر بروقت توجہ دینا اور عوامی خدمت کو نظام کا محور بنانا ہے۔ اس قدم کا بنیادی پیغام سادہ مگر نہایت موثر ہے: انصاف کے دروازے کھلے ہونا ہی کافی نہیں؛ ہر شہری کو ان دروازوں تک پہنچنے اور ان سے آگے بڑھنے کے لیے رہنمائی اور معاونت بھی میسر ہونی چاہیے۔

فوری انصاف یا نظام کی ناکامی؟

رقیہ غزل

دوسری جنگِ عظیم کے خاتمے پر جب ہٹلر کے نازی درندوں نے لاکھوں بے گناہ انسانوں کا بے رحمی سے خون بہایا تھا، تو فاتح ممالک چاہتے تو تمام نازی مجرموں کو ایک لمحے میں گولیوں سے بھون سکتے تھے۔ مگر دنیا کے سمجھ دار دانشوروں اور قانون دانوں نے ایک تاریخی بات کی تھی کہ اگر ہم نے ان سفاک قاتلوں کو بغیر مقدمے اور بغیر شفاف ٹرائل کے مار دیا، تو ان ظالموں میں اور قانون کے پاسبانوں میں کیا فرق رہ جائے گا۔ پھر تاریخ نے دیکھا کہ دنیا کے سب سے بڑے نازی قاتلوں کے خلاف نورمبرگ ٹرائل چلایا گیا، انہیں صفائی کا موقع دیا گیا اور قانون کے مطابق تختہ دار پر لٹکایا گیا تاکہ دنیا کو پتہ چلے کہ ریاستیں انتقام نہیں لیتیں بلکہ آئین کے مطابق انصاف کرتی ہیں۔

اسی طرح اگر ہم اپنی تاریخ پر نظر ڈالیں تو ریاستِ مدینہ اور خلافتِ راشدہ کا طرہ امتیاز ہی یہ تھا کہ وہاں خود خلیفہ وقت کو بھی ایک عام شہری کے ساتھ قاضی کے کٹہرے میں کھڑا ہونا پڑتا تھا۔ اگر عدالتیں اتنی ہی بے وقعت ہوتیں تو اسلام کبھی عدل و انصاف کا استعارہ نہ بنتا۔ مگر افسوس کہ آج قانون کی حکمرانی کا سبق پسِ پشت ڈالا جا رہا ہے، اور جب ایسے میں عدالتوں کو بے اثر کر کے قانون کو محض کمزوروں کی زنجیر اور طاقتوروں کے لیے ڈھال بنا دیا جائے، تو سوچنا پڑتا ہے کہ ہم تاریخ کے کس سیاہ باب کو رقم کر رہے ہیں۔ جب کوئی بڑا اور ہائی پروفائل کیس سامنے آتا ہے تو اس پر لکھنے والے صحافی اور کالم نگار اپنے صفحے سیاہ کرتے رہتے ہیں مگر وہ بااثر مجرم منظر سے ایسے غائب ہو جاتا ہے کہ اس کا ذکر تک مٹ جاتا ہے۔ کبھی اس کا دماغ خراب ہونے کا عذر پیش کیا جاتا ہے، کبھی اسے ناواقف یا بے وقوف قرار دیا جاتا ہے، اور کبھی یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ وہ اس جرم میں شامل ہی نہیں تھا۔ یہاں تک کہ قانون کے ان رکھوالوں کی طرف سے اس کی تصویر تک میڈیا پر نہیں آنے دی جاتی۔ ایسے دہرے نظامِ عدل کو آخر کیا نام دیا جائے؟ جہاں قانون کی دیوی کی آنکھوں پر پٹی انصاف کے لیے نہیں بلکہ مجرم کی طاقت اور حیثیت دیکھ کر باندھی جاتی ہو۔ اور پھر جب اس بے بسی کے عالم میں ظلم کا کوئی اور بھیانک چہرہ سامنے آئے، تو دل پھٹ کر ہاتھ میں آ جاتا ہے اور روح تک کانپ اٹھتی ہے کہ اس پندرہ سالہ معصوم بچے کا کیا قصور تھا جو یتیم خانے میں پل رہا تھا، باپ کا سایہ سر پر نہیں تھا اور ماں نے حالات کے جبر کے تحت دوسری شادی کر لی تھی۔ کیا اس معصوم کی زندگی اتنی ارزاں تھی کہ اسے سڑک پر گاجر مولی کی طرح کچل دیا جائے؟

اس ظلم پر ہر آنکھ اشکبار ہے اور ضمیر کی آواز یہی کہتی ہے کہ ایسے سفاک قاتل سے نفرت ہونا فطری امر ہے۔ ہمیں اس قاتل کی درندگی اور ہر اس شخص سے نفرت ہے جو انسانیت کے نام پر دھبہ ہے۔ لیکن ماورائے عدالت یا جعلی پولیس مقابلوں کے ذریعے دی جانے والی ایسی سزاؤں کے ہم حامی ہرگز نہیں ہو سکتے۔ اگر ماورائے عدالت سزاؤں کو روایت بنا لیا جائے، تو کل کو کسی بھی بے گناہ کو کسی کیس میں پھنسا کر یا پولیس مقابلے کا ڈرامہ رچا کر ابدی نیند سلا دیا جائے گا۔ ذمہ دار حلقوں کے رویے اور باہمی تضاد کا عالم تو دیکھیے کہ ایک طرف پولیس ان کارروائیوں کو "مبینہ پولیس مقابلہ" قرار دے کر قانون کا پردہ قائم رکھنے کی کوشش کرتی ہے، تو دوسری طرف حکومت کی ہی ایک ذمہ دار وزیر سوشل میڈیا پر بڑی فخریہ انداز میں یہ کہتی ہیں کہ 'دیکھ لیں! ہماری حکومت میں فوری انصاف ایسے ہی ملتا ہے۔ یعنی اپنی ہی زبان سے اس بات کا اعتراف کر لیا جاتا ہے کہ یہ کوئی قانونی مقابلہ نہیں بلکہ سڑک پر کیا گیا فیصلہ تھا۔

اگر واقعی یہی انصاف کا معیار ہے تو پھر طاقتوروں، بااثر سیاسی شخصیات اور ارب پتی مجرموں کے لیے یہ سڑک کا انصاف کیوں حرکت میں نہیں آتا؟ ان کے لیے عدالتوں کے دروازے رات کو بھی کیوں کھل جاتے ہیں؟ چند روز قبل صحافیوں کے ایک وفد سے ایک ملاقات کے دوران جب میری ڈی آئی جی آپریشنز سے مبینہ پولیس مقابلوں کے حوالے سے گفتگو ہوئی، تو انہوں نے اپنے مو? قف کی وضاحت کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہمیں مجرموں کو مجبوراً سخت اقدامات کے حوالے کرنا پڑتا ہے کیونکہ پیشہ ور مجرم سدھرنے کا نام نہیں لیتے، اگر عدالتیں انہیں وقت پر اور فوری انصاف کے تحت سزا دے دیں تو پولیس کو کبھی ایسے قدم اٹھانے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ پولیس حکام کی اس بات سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ ہمارے تفتیشی نظام اور عدالتی عمل میں کس قدر گہرے شگاف موجود ہیں۔

مجھے کہنے دیجیے کہ آئینِ پاکستان کا آرٹیکل ۱۰-اے ہر شہری کو بنیادی حق دیتا ہے کہ اس کا مقدمہ منصفانہ، شفاف اور آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے چلایا جائے۔ شفاف ٹرائل کا یہ حق کسی ایک شخص کی پسند یا ناپسند پر نہیں بلکہ ایک مہذب معاشرے کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے۔ جو لوگ آج خود منصف بن کر فوری فیصلوں کی تحسین کر رہے ہیں، ان کی اپنی کارکردگی کتنی شفاف ہے؟ یہ وہ ادارے اور افراد ہیں جن کے اپنے محکموں پر آئے روز سوالیہ نشان اٹھتے ہیں۔ جب فیصلے کرنے والوں کا اپنا دامن کارکردگی کے حوالے سے تسلی بخش نہ ہو، تو ان کے ہاتھوں دی جانے والی ایسی سزاو?ں کو کس طرح منصفانہ یا قابلِ قبول مان لیا جائے؟ یہ کوئی کارکردگی یا کامیابی نہیں بلکہ نظام کی کھلم کھلا ناکامی اور بے بسی کا اعتراف ہے۔ ہمارا مقصد کسی محکمے یا شخصیت پر بلاجواز تنقید کرنا نہیں، بلکہ اس اہم مسئلے کی طرف سنجیدہ توجہ دلانا ہے تاکہ معاشرے میں ایک فکری سوچ بیدار ہو سکے اور اس کا کوئی حقیقی اور آئینی حل نکل سکے۔ اگر ہم نے اسی روش کو برقرار رکھا اور انصاف کو عدالتوں سے نکال کر سڑکوں کے حوالے کر دیا، تو وہ دن دور نہیں جب معاشرے کا امن ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا اور کوئی بھی شخص اپنے آپ کو محفوظ نہیں سمجھے گا۔ ریاست کا کام انتقام لینا یا شارٹ کٹس اپنانا نہیں بلکہ آئین کی بالادستی اور قانون کا احترام قائم کرنا ہوتا ہے۔ ہمیں قاتل کی درندگی اور ہر ظالم سے شدید نفرت ہے، مگر ہم اس "فوری انصاف" کے حامی نہیں جو قانون کی دھجیاں اڑا کر اور آئین کو بائی پاس کر کے رچایا جائے۔ اگر ہمارا معیارِ عدل یہی رہا کہ طاقتور کے لیے خاموشی اور کمزور کے لیے غیر آئینی فیصلے، تو یہ انصاف نہیں بلکہ اس معاشرے کا آخری چراغ گل کرنے کے مترادف ہے جہاں کبھی آئین اور قانون کی حکمرانی کا خواب دیکھا گیا تھا۔ اور جو لوگ آج اس جنگل کے قانون پر بغلیں بجا رہے ہیں اور ماورائے عدالت فیصلے صادر کر رہے ہیں، انہی کے لیے تو شاعر نے کہا تھا:

تمھارے حق میں کوئی فیصلہ ہوا ہوگا جو
یہ نظام تمہیں منصفانہ لگتا ہے

نوٹ:۔ کالم نگاروں کی اپنی رائے ہے اس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بقیہ 1
کھڑے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں حکومتی اوراپوزیشن جماعتوں کے ارکان اسمبلی اپنے حلقوں میں باقاعدگی سے جاتے ہیں اور علاقائی تقریبات میں شرکت کرتے ہوئے عوام سے رابطے میں رہتے ہیں۔علاقائی ترقی اور رابطہ سڑکوں کی اہمیت پر بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پنجاب کے علاقے تونسہ کو بلوچستان سے ملانے والی شاہراہ کے لیے وفاقی حکومت سے فنڈز کے اجرا کی خاطر کوششیں کی گئی ہیں۔اسی طرح چھپر قومی شاہراہ سے کھڑ بزدار تک سڑک کی تعمیر کے لیے سروے کے احکامات جاری کردیے گئے ہیں۔اس منصوبے کی تکمیل سے بلوچستان کو پنجاب تک رسائی کے لیے ایک اور متبادل راستہ میسر آئے گا، جس سے آمدورفت میں آسانی پیدا ہونے کے ساتھ تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ضلع بارکھان میں شامل ہونے والے علاقوں اندر پھوڑ، میر بڑی واہ اور رڑہ شم سمیت تمام متعلقہ علاقوں کے سرکاری اسکول کھولنے کے لیے خصوصی ہدایات جاری کرنے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کی فعالیت کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بچیوں کی تعلیم کو بھی یکساں اہمیت دی جارہی ہے اوراس مقصد کے لیے ایک پائلٹ پراجیکٹ پرکام جاری ہے تاکہ بچیوں کو تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کیے جاسکیں۔اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سے سیاسی وسماجی رہنما میر یعقوب بزدار نے ملاقات کی اور انہیں علاقے کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات سے آگاہ کیا۔وزیراعلیٰ نے متعلقہ امور پر ضروری اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔علاقے میں طبی سہولیات اور مریضوں کی بروقت منتقلی کے حوالے سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کھڑ بزدار سے ڈیرہ غازی خان تک مریضوں کو منتقل کرنے کے لیے فوری طور پر ایمبولینس سروس فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس ایمبولینس سروس کے ماہانہ اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی تاکہ علاقے کے شہریوں کو ہنگامی طبی ضرورت کے وقت سہولت میسر آسکے۔وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت عوامی مسائل کے حل، تعلیم و صحت کی سہولیات کی بہتری اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 2
دلانے میں کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد اور مضبوط ادارہ جات ہی خوشحال ریاست کی بنیاد ہیں۔صدر آزاد کشمیر نے کہا کہ پاکستان اور آزاد کشمیر کا رشتہ جغرافیائی نہیں بلکہ اسلامی، نظریاتی اور روحانی ہے۔

بقیہ 3
ایس سی کے داخلے ستمبر تک ہوتے تھے رواں سال بلوچستان بورڈ نے میٹرک کے امتحان یکم دسمبر سے لینے کا فیصلہ کیا ہے جس کے نتائج کا اعلان فروری کے آخر تک کردیا جائے گا اس طرح ایف ایس سی میں داخلے مارچ میں ہوسکیں گے بلوچستان بورڈ کے چیئرمین محمد اسحٰق نے بتایا کہ رواں سال میٹرک کے امتحانات کیلئے کورس میں کمی کی گئی ہے اور ہر مضمون سے دو سے تین اسباق کم کردیئے ہیں محمد اسحٰق نے بتایا کہ ایف ایس سی کے سالانہ امتحانات ائندہ سال بیس مارچ سے شروع ہوں گے۔

بقیہ 4
انفارمیشن ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ترقیاتی معلومات تک عوام کی بروقت اور مستند رسائی شفاف حکمرانی، عوامی اعتماد اور پائیدار ترقی کی بنیاد ہے۔ بلوچستان میں پہلی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کا اجرا جدید ابلاغی تقاضوں سے ہم آہنگی اور معلومات کی مؤثر ترسیل کی جانب اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 5
23اکتوبر 2026 کوڈان اخبار میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ الیکشن کمیشن نے صوبہ خیبر پختونخوا کے قومی اورصوبائی حلقوں کی حدود میں ردوبدل بغیر کسی سماعت کے کی ہے،الیکشن کمیشن نے اِس ضمن میں یہ وضاحت کی ہے کہ صوبائی حکومت خیبر پختونخوانے صوبہ کے مختلف اضلاع میں انتظامی یونٹس میں تبدیلیاں کیں جس میں نئے اضلاع و تحصیل کا قیام اور تحصیلوں کی حدود میں بھی ردوبدل شامل ہے۔ترجمان نے کہا کہ الیکشن رولز 2017 کے رول 15 کے تحت الیکشن کمیشن کو یہ اختیار حاصل ہے کہ کسی بھی وقت انتظامی یونٹس میں ردوبدل ہوتو اس کی عکاسی حلقہ بندی میں کی جائےاور یہ عمل ماضی میں بھی کیا جاتا رہاہے۔ترجمان نے کہا کہ یہاں یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ اِس صورت میں موجودہ حلقہ جات کی حدود میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوتی۔مذکورہ بالانوٹیفیکیشن میں بھی کسی حلقہ کی حدود میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔تمام حلقہ جات کی حدود اب بھی وہی ہیں جو عام انتخابات 2024 کے وقت تھیں۔ترجمان نے کہا کہ اس خبر میں الیکشنز ایکٹ 2017 کی شق 22 کا حوالہ دیا گیا ہے جو کہ درست نہیں ہےکیونکہ یہ شق اس وقت عمل میں لائی جاتی ہے جب کسی موجودہ حلقے کی حدود میں تبدیلی مقصود ہوجبکہ الیکشن کمیشن نے جونوٹیفیکیشن جاری کیا ہےاس میں کسی انتخابی حلقہ کی حدود میں تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

بقیہ 6
روپے پرمشتمل ہےاور یہ پاور چائنا آئیکان جوائنٹ وینچر کوایوارڈ کیا گیا ہے۔ہفتہ کوترجمان واپڈا کی جانب سے جاری بیان کے مطابق واپڈا کی جانب سے دیامر بھاشاڈیم کے پراجیکٹ ڈائریکٹر عارف علی اور جوائنٹ وینچر کی جانب سے مجاز نمائندے لنگ جیانگ نے کنٹریکٹ پر دستخط کئے۔چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل محمد سعید (ریٹائرڈ) واپڈا کے ممبر فنانس، ممبر واٹر اور ممبر پاور کے علاوہ دیامر بھاشا ڈویلپمنٹ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے علاوہ پاور چائنا انٹرنیشنل کے چیئرمین، جوائنٹ وینچر میں شامل کمپنیوں اور کنسلٹنٹس کے نمائندے اور واپڈا کے سینئر آفیسرز معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شریک ہوئے۔ایچ ایم ون کنٹریکٹ میں دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کے ہائیڈرو مکینیکل آلات اور ہائیڈرالک سٹیل سٹرکچرز شامل ہیں۔معاہدے میں دیامر بھاشا ڈیم پر پانی کا بہا کنٹرول کرنے کیلئے گیٹس اور سٹیل سٹرکچرز کی تیاری، فراہمی اور تنصیب بھی شامل ہے۔یہ آلات فلشنگ ٹنلز، پاور ان ٹیک اور ڈیم ان لٹ پر نصب کئے جائیں گے۔سٹیل لائننگ، ہوسٹنگ سسٹمز، پمپنگ سسٹمز اوران سے متصل الیکٹریکل ورکس بھی ایچ ایم ون کنٹریکٹ کا حصہ ہیں۔دیامر بھاشا ڈیم پاکستان کی واٹر، فوڈ اور انرجی سکیورٹی کیلئے وفاقی حکومت کا ترجیحی منصوبہ ہے۔دیامر بھاشا ڈیم چلاس شہر سے 40 کلومیٹر زیریں جانب دریائے سندھ پر تعمیر کیا جارہا ہے۔دیامر بھاشا ڈیم کی تکمیل پر 81لاکھ ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ ہوگا۔دیامر بھاشا ڈیم سے 4ہزار 500 میگاواٹ کم لاگت، ماحول دوست پن بجلی بھی پیدا ہوگی۔

بقیہ 7
الرحمٰن ایک جمہوری و سیاسی رہنما ہیں، ان کے سیاسی مؤقف سے اختلاف کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ دلیل، منطق اور سیاسی مکالمے کے ذریعے اپنا مؤقف پیش کریں، کیونکہ جمہوریت میں اختلاف رائے کو برداشت کرنا اور مخالف آواز کا احترام کرنا بنیادی اصول ہیں۔انہوں نے کہا کہ قومی خزانہ کسی حکومت، جماعت یا فرد کی ذاتی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے، جس کا ایک ایک پیسہ عوام کی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی پر خرچ ہونا چاہیے، نہ کہ سیاسی مخالفین کو دبانے، ان کے خلاف مہم چلانے یا ان کی کردارکشی کے لیے۔رہنماؤں نے کہا کہ اگر سرکاری وسائل کے سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کے الزامات سامنے آرہے ہیں تو ان کی شفاف، غیر جانب دارانہ اور قابلِ اعتماد تحقیقات ہونی چاہییں، کیونکہ قومی امانت کے تحفظ کا تقاضا ہے کہ ہر خرچ کا حساب دیا جائے اور حقائق کو نعروں، پروپیگنڈے یا سیاسی بیان بازی کے بجائے ثبوت اور قانون کی روشنی میں پرکھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام ہمیں عدل وانصاف، دیانت داری، امانت کی حفاظت اور حق بات کہنے کا درس دیتا ہے؛ اس لیے سیاسی اختلاف کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کرنا اور بے بنیاد الزامات کے ذریعے کسی کی ساکھ کو مجروح کرنا نہ اخلاقی طور پر درست ہے اور نہ ہی جمہوری روایات سے مطابقت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت معاشی مشکلات اور عوامی مسائل سے دوچار ہے، ایسے حالات میں قومی وسائل کے استعمال میں شفافیت، حکمرانوں کی جواب دہی اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دینا ناگزیر ہے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر اور جنرل سیکرٹری نے واضح کیا کہ سیاسی میدان میں مقابلہ کارکردگی، دلیل، نظریے اور عوامی خدمت کی بنیاد پر ہونا چاہیے، سرکاری وسائل اور کردارکشی کے ذریعے نہیں، کیونکہ آئین کی بالادستی، پارلیمان کے وقار، عوام کے حقِ حکمرانی اور جمہوری آزادیوں کا تحفظ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 8
ڈالتے رہنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے بات چیت، سفارت کاری اور کشیدگی کم کرنے کے ذریعے علاقائی تنازعات سے نمٹنے کی فوری ضرورت پر اتفاق کیا گیا۔ہفتہ کو ترجمان دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق 23 اکتوبر کو ہونے والی ملاقات کے بعد مشترکہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب (آر4) کے وزرائے خارجہ کے ساتھ فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ نے گزشتہ روز استنبول میں ملاقات کی۔وزرانے علاقائی اور بین الاقوامی اہمیت کے مختلف مسائل پر تبادلہ خیال کیا، جن میں امریکا واسرائیل-ایران تنازع، اسرائیل-فلسطین تنازع اور دو ریاستی حل کی ضرورت، سعودی عرب اوریمن کے خلاف حوثی ملیشیا کے حملے، نیویگیشن کی حفاظت اور آزادی، آبنائے ہرمز اور باب المندب میں بڑھتے ہوئے تنا اور بحیرہ اسود شامل ہیں۔انہوں نے علاقے اور اس سے باہر امن و استحکام کو فروغ دینے اور ان مسائل کے سکیورٹی، اقتصادی اور تجارتی مضمرات سے نمٹنے کے لیے سفارتی کوششوں میں حصہ ڈالتے رہنے کے اپنے عزم کا اظہار کیا۔وزرانے بات چیت، سفارت کاری اور کشیدگی کم کرنے کے ذریعے علاقائی تنازعات سے نمٹنے کی فوری ضرورت پر اتفاق کیا۔اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق، انہوں نے تمام زیرالتوا تنازعات کے پائیدار مذاکراتی حل تلاش کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔وزرانے علاقے میں تنازعات کی روک تھام اور امن و استحکام کو آگے بڑھانے کے لیے بات چیت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 9
الزامات کو یکسر مسترد کردیا ہے۔وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق زلے خلیل زاد کے بے بنیاد دعوے محض ذاتی ایجنڈے کا حصہ ہیں جس کا مقصد دہشتگردی کی حامی طالبان رجیم کو تقویت دینا ہے۔

بقیہ 10
کی جانب سے بھیجے گئے انتہائی بھاری اور نادرست گیس بلوں سے نجات مل گئی۔ وفاقی محتسب نے سائلہ کی شکایت کا کامیاب ازالہ کرتے ہوئے ہزاروں روپے کی رعایت فراہم کروادی۔تفصیلات کے مطابق محلہ اسد چوک، حب (ضلع لسبیلہ) کی رہائشی درخواست گزار نور جہاں نے وفاقی محتسب کے دفتر میں شکایت دائر کی تھی کہ سوئی سدرن گیس کمپنی (SSGCL) نے انہیں اگست 2026ء میں 86,730 روپے اور ستمبر 2026ء میں 81,000 روپے کا انتہائی سنگین اور ناممکن التحصیل بل ارسال کر دیا تھا، جس کی سمجھ کے لیے کمپنی کی جانب سے کوئی شنوائی نہیں ہو رہی تھی۔وفاقی محتسب نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے SSGCL انتظامیہ کو طلب کیا اور باقاعدہ سماعت کا آغاز کیا۔ محتسب کے نوٹس اور قانونی کارروائی کے بعد سوئی سدرن گیس کمپنی کی انتظامیہ نے کیس کی ازسرِ نو تفصیل سے جانچ پڑتال کی۔تحقیقات اور بازپرس کے نتیجے میں گیس کمپنی نے اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے سائلہ کو 37,220 روپے سے زائد کی بڑی رعایت (Adjustment) فراہم کی اور اکتوبر 2026ء کا موجودہ کرنٹ بل محض 4,603 روپے جاری کیا، جس سے بقایا جات میں نمایاں اور خاطر خواہ کمی واقع ہوئی۔بل میں منصفانہ تصحیح اور وفاقی محتسب کے اس جاندار اقدام پر درخواست گزار نور جہاں نے کامل اطمینان کا اظہار کیا۔سائلہ کے مکمل اطمینان اور دادرسی کے بعد وفاقی محتسب نے کیس کو کامیابی سے داخلِ دفتر (Disposed of) کردیا۔اس موقع پر عوام الناس نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی اور عام شہریوں کو بلا تاخیر و بلا اخراجات انصاف کی فراہمی کے عمل کو شاندار الفاظ میں سراہا ہے۔

بقیہ 11
کنٹریکٹ چینی کمپنی کو دے دیا گیا۔واپڈا کے ترجمان کیمطابق دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا ہائیڈرومکینیکل (ایچ ایم ون) کنٹریکٹ چینی کمپنی پاور چائنا اور آئیکان کے جوائنٹ وینچر کو دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایچ ایم ون کنٹریکٹ 133 ارب 18 کروڑ روپے پرمشتمل ہے، دیامر بھاشا ڈیم کے پروجیکٹ ڈائریکٹر عارف علی اور جوائنٹ وینچر کے نمائندے لنگ جیانگ نے اس کنٹریکٹ پر دستخط کیے۔ترجمان واپڈا کے مطابق چیئرمین واپڈا محمد سعید نے معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔خیال رہے کہ دیامر بھاشا ڈیم چلاس سے 40 کلومیٹر جنوب میں دریائے سندھ پر تعمیر کیا جارہا ہے، جس کی تکمیل پر 81 لاکھ ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ ہوگا، جس سے 4500 میگا واٹ کم لاگت، ماحول دوست پن بجلی بھی پیدا ہوگی۔

بقیہ 12
باعث قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچا۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ عدالتی احکامات کے باوجود کمپنی کو لیز پر دیا گیا، حکومت اراضی کی مد میں 2ارب 8 کروڑ 49 لاکھ روپے وصول کرنے میں ناکام رہی جبکہ تجارتی اراضی کے معاہدوں کی تجدید نہ کروانے سے خزانے کو 62 کروڑ 98لاکھ روپے کا نقصان ہوا۔بونیر، مہمند اور جلوزئی میں اراضی واگزار نہ کروانے سے 1ارب 7 کروڑ 74 لاکھ روپے کا نقصان ہوا جبکہ تجارتی اراضی صنعتی مقاصد کے لیے مختص کرنے سے خزانے کو 17 کروڑ 41 لاکھ روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔آڈٹ رپورٹ کے مطابق ہری پور میں الحدید انجینئرنگ کو 10 ایکڑ پر مشتمل پلاٹ نمبر 185، 186، 187 اور 190 الاٹ کیے گئے۔کمپنی سے واجب الادا رقم وصول نہ کرنے کے باعث قومی خزانے کو مزید 49 کروڑ 78 لاکھ روپے کا نقصان پہنچا۔

بقیہ 13
کی قیمت میں 4روپے 96 پیسے، لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت میں 7 روپے 78 پیسے اور مٹی کے تیل کی قیمت میں 4 روپے 21 پیسے فی لٹر اضافہ ہوا ہے۔جیٹ فیول کی نئی قیمت 357 روپے 37 پیسے فی لٹر مقرر کر دی گئی، اس سے پہلے جیٹ فیول کی قیمت 352 روپے 41 پیسے فی لٹر تھی۔لائٹ ڈیزل آئل کی نئی قیمت 275 روپے 24 پیسے فی لٹر ہوگئی، اس سے پہلے لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت 267 روپے 46 پیسے فی لٹر تھی۔مٹی کے تیل کی نئی قیمت 330 روپے 96 پیسے فی لٹر ہوگئی ہے، اس سے پہلے مٹی کے تیل کی قیمت 326 روپے 75 پیسے فی لٹر تھی۔

بقیہ 14
مراعات فوری جاری کرنے کی ہدایت کی۔عدالت نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ پنشن کوئی خیرات، رعایت یا عطیہ نہیں بلکہ ملازم کا قانونی اور آئینی حق ہے۔وزارتِ خزانہ نے موقف اختیار کیا کہ ملازم کی کنٹریکٹ پر تعیناتی وفاقی پبلک سروس کمیشن کے ذریعے نہیں ہوئی۔عدالتی ریکارڈ کے مطابق نوید اللہ نے 28 مئی 1995 کووزارتِ خوراک میں گریڈنگ انسپکٹر کی حیثیت سے ملازمت شروع کی جبکہ 16اگست 1997 کوان کی خدمات مستقل کر دی گئی تھیں۔عدالت کے مطابق قومی بچت مرکز منتقل ہونے کے بعد ملازم کو 2012 میں ریگولرائز اور 2015 میں مستقل کیا گیا تھا۔

بقیہ 15
اور دوبندی میں مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں۔ 23 اکتوبر کو مختلف مشترکہ ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر 331 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کیا، جس کے بعد مہم کے آغاز سے اب تک ختم کی جانے والی بھنگ کی کاشت کا مجموعی رقبہ 992 ایکڑ ہوگیا ہے۔کارروائیاں ضلعی انتظامیہ قلعہ عبداللہ کی قیادت میں اسسٹنٹ کمشنر گلستان، اینٹی نارکوٹکس فورس اے این ایف بلوچستان ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، فرنٹیئر کور، پولیس اور دیگر متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مشترکہ معاونت سے انجام دی گئیں۔اس موقع پر انٹیلی جنس بیورو ملٹری انٹیلی جنس اور ایف سی آئی یو کے نمائندے بھی شریک تھے۔محکمہ ایکسائز کے اہلکاروں نے بتایا کہ گلستان کے علاقے عبدالرحمن زئی اور قندیل سٹیلائٹ میں مشترکہ ٹیموں نے 285 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کیا، جبکہ دوبندی سب ڈویژن میں کارروائی کے دوران مزید 46 ایکڑ اراضی کو بھنگ کی کاشت سے پاک کیا گیا۔اس طرح ایک روز میں مجموعی طور پر 331 ایکڑ اراضی پر کارروائی مکمل کی گئی۔بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے مختلف طریقے استعمال کیے گئے، جبکہ انسدادِ منشیات مہم میں ضلعی انتظامیہ، ایف سی، پولیس، اے این ایف اور محکمہ ایکسائز کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔متعلقہ اداروں کی مشترکہ ٹیمیں بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے مربوط انداز میں کارروائیاں انجام دے رہی ہیں۔حکام کے مطابق انسدادِ بھنگ مہم 2026 بھنگ کی کاشت کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گی، جس کا مقصد منشیات کی پیداوار کی روک تھام اور علاقے کو منشیات سے پاک بنانے کی کوششوں کو مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ 16
انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ اور پاکستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان نے شرکت کی۔اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے مذاکرات کو آگے بڑھانے کے لیے دونوں ممالک کی مذاکراتی ٹیموں کی کوششوں، محنت اور پیشہ ورانہ عزم کو سراہا۔کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ممالک کی مذاکراتی ٹیموں کی تعمیری کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ باہمی تعاون اور مسلسل روابط کے ذریعے ایک متوازن معاہدے کی تشکیل ممکن ہوگی، جو سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے، کاروباری روابط کے فروغ اور دونوں ممالک کے لیے یکساں طور پر مفید اقتصادی مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے اپنے خطاب میں مذاکراتی عمل کے دوران دونوں فریقین کی سنجیدہ کوششوں، پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ دوطرفہ سرمایہ کاری معاہدہ سرمایہ کاروں کو ایک شفاف، مستحکم اور قابلِ اعتماد قانونی فریم ورک فراہم کرنے، پاکستان اور کینیڈا کے درمیان سرمایہ کاری کے بہاؤ میں اضافے اور اقتصادی تعاون کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔وفاقی وزیر نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی اور کینیڈین سرمایہ کاروں کے لیے قابلِ تجدید توانائی، کان کنی، زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دینے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔اختتامی تقریب کے دوران پاکستان اور کینیڈا کی مذاکراتی ٹیموں کے نمائندگان نے مذاکرات کے منٹس پر دستخط کیے، جس میں مذاکراتی عمل کی کارروائی اور نتائج کو باضابطہ طور پر درج کیا گیا۔مذاکرات کے تیسرے دور کا اختتام دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ سرمایہ کاری معاہدے کو آگے بڑھانے اور طویل المدتی سرمایہ کاری شراکت داری کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ مجوزہ معاہدہ سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے، اقتصادی روابط کو وسعت دینے اور دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ 17
کوئی خیرات، رعایت یا عطیہ نہیں بلکہ ملازم کا قانونی اور آئینی حق ہے۔ پنشن دورانِ ملازمت کی جانے والی محنت کا مؤخر شدہ معاوضہ ہے، جو بڑھاپے میں مالی سیکیورٹی کے لیے دیا جاتا ہے۔عدالت نے ہدایت کی کہ فیصلے کی تصدیق شدہ نقل موصول ہونے کے 30دن کے اندر تمام کارروائی مکمل کرکے رقم جاری کی جائے۔وزارتِ خزانہ نے موقف اختیار کیا کہ 2008 میں کی گئی کنٹریکٹ تعیناتی فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے ذریعے نہیں ہوئی تھی۔ تاہم عدالت نے قرار دیا کہ بھرتی کا طریقہ کار مقرر کرنا اور ایف پی ایس سی کو کیس بھیجنا ادارے کا کام تھا، ملازم کو اس کی سزا نہیں دی جا سکتی۔عدالت نے قرار دیا کہ دو دہائیوں تک ملازم کی سروس تسلیم کرنے کے بعد ریٹائرمنٹ پر پنشن روکنا غیر قانونی ہے۔ عدالت نے کنفرمیشن، ریگولرائزیشن اور گریڈ 17 کی منظوری کے تمام احکامات کو مدنظر رکھتے ہوئے پنشن کیس حتمی شکل دینے کی ہدایت بھی کی۔درخواست گزار نوید اللہ نے 28 مئی 1995 کو وزارتِ خوراک و زراعت میں گریڈنگ انسپکٹر (بی ایس 13) کی حیثیت سے سرکاری ملازمت کا آغاز کیا تھا اور 16 اگست 1997 کو انہیں مستقل کردیا گیا تھا۔18ویں آئینی ترمیم کے تحت وزارتوں کی تحلیل کے بعد درخواست گزار کو سنٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز میں منتقل کیا گیا۔ کابینہ سب کمیٹی کے فیصلے کی روشنی میں 2012 میں انہیں ریگولرائز کیا گیا، جبکہ 2015 میں نیشنل سیونگز میں انضمام کیا گیا۔درخواست گزار تقریبا 30 سالہ سروس مکمل کرنے کے بعد 22 اپریل 2025 کو ریٹائرمنٹ کی عمر کو پہنچے تھے، تاہم پنشن اور دیگر واجبات کی عدم ادائیگی پر انہوں نے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ 18
اور ڈیزل سے متاثر ہیں تو دوسری جانب مقامی آئل ریفائنریز اور تیل و گیس کی تلاش کرنے والی کمپنیوں کے منافع میں گزشتہ سال کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو ارسال کردہ سہ ماہی مالیاتی نتائج کے مطابق اٹک ریفائنری کا خالص منافع جولائی سے ستمبر کے دوران 1.35 ارب روپے سے بڑھ کر 18.65 ارب روپے ہوگیا، جو تقریباً 1184 فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے۔

بقیہ 19
دن کے موقع پر جاری اپنے خصوصی پیغام میں ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اقوام متحدہ کے ذریعے تنازعات کا مکالمے سے حل اور انسانی حقوق کا تحفظ ممکن ہے، دنیا کو بڑھتے ہوئے تنازعات اور انسانی بحرانوں کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کثیرالجہتی تعاون اور مشترکہ اقدامات کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر سے وابستگی برقرار رکھے ہوئے ہے اور پرامن بقائے باہمی، بین الاقوامی قانون کے احترام اور حق خودارادیت کا حامی ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمیں ایسی دنیا کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے جہاں امن غالب ہو اور انصاف قائم ہو، ہر انسان کو وقار اور تحفظ کے ساتھ زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے۔

بقیہ 20
ہارون اختر خان نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے معاشی بحالی کے وژن کو آگے بڑھانے کے لیے برآمدات میں اضافے، صنعتی ترقی اور نجی شعبے کے ساتھ موثر روابط کے حوالے سے حکومتی عزم کا اظہار کیا۔ہارون اختر خان نے کہا کہ برآمدات کے فروغ کے لیے ٹاسک فورس کا قیام ایک اہم اقدام ہے، جس کا مقصد صنعتوں کو درپیش چیلنجز کی نشاندہی، ترقی کے نئے مواقع کی تلاش اور پاکستان کی برآمدی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے قابلِ عمل اقدامات تجویز کرنا ہے۔

بقیہ 21
کی تاریخ کا اہم اور یادگار دن ہے، جو بھارتی تسلط سے آزادی اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کی علامت ہے،اس دن 1947 میں ریاست جموں وکشمیر کی آزادی کے مقصد سے آزاد کشمیر کی عبوری حکومت قائم کی گئی، جس کا بنیادی مقصد آزاد کشمیر کو تحریک آزادی کا بیس کیمپ بنا کر مقبوضہ جموں وکشمیر کی آزادی کے لیے جدوجہد کو آگے بڑھانا تھا۔ہفتہ کو جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ 24 اکتوبر کو آزاد جموں وکشمیر کے یوم تاسیس کے طور پر روایتی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے۔

بقیہ 22
ملک گیر کوششوں کو مربوط کر رہی ہے۔اس سلسلے میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر، گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ امجد حسین آزاد، صوبائی کابینہ کے ارکان، نیشنل کوآرڈینیٹر اور ایس آئی ایف سی کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں کاروباری سہولیات سے متعلق اصلاحات کو علاقائی سطح تک وسعت دینے اور وفاقی وعلاقائی اداروں کے مابین تعاون مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کو آگاہ کیا گیا کہ اب تک 557 ضابطہ جاتی اصلاحات کی منظوری دی جا چکی ہے، جن سے کاروباری شعبے کو سالانہ 460ارب روپے کی ممکنہ بچت متوقع ہے۔ ان اصلاحات کا مقصد کاروباری تقاضوں کو آسان بنانا، ضابطوں پر عمل درآمد کے اخراجات کم کرنا اور کاروباری سرگرمیوں میں حائل طریقہ کار کی پیچیدگیوں کو دور کرنا ہے۔وزیراعظم کی ہدایات کے تحت ایس آئی ایف سی ضابطہ جاتی سادگی کو فروغ دینے اور ایسے کاروباری ماحول کی تشکیل کے لیے مربوط کوششوں میں معاونت کر رہی ہے جو کاروبار کے آغاز و توسیع، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے سازگار ہو۔ علاقائی اداروں کے ساتھ روابط ان اصلاحات کو موثر انداز میں وسعت دینے اور ان کے فوائد کو زیادہ سے زیادہ کاروباری حلقوں تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ایس آئی ایف سی اپنے مربوط حکومتی نظام کے ذریعے ضابطہ جاتی اصلاحات اور سرمایہ کاری میں سہولت کاری کو یکجا کرتے ہوئے پاکستان بھر میں ایک سادہ، موثر اور کاروبار دوست نظام کے قیام کے لیے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 23
طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو فوری طور پر میرج گرانٹ کی ادائیگی کی جائیں۔احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو میرج گرانٹ کی مد میں پچاس ہزار کا چیک دے دیا۔اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 24
امریکا، اسرائیل اور ایران کے تنازع میں شہریوں، شہری تنصیبات اور جہازوں کو نشانہ بنانے سے گریز کیا جائے۔استنبول میں آر 4 ممالک (پاکستان، ترکیہ، مصر اور سعودی عرب) کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا جس کے بعد جاری مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ اجلاس میں چاروں ممالک کے وزرائے خارجہ نے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، مشرق وسطیٰ اور خطے میں امن و استحکام کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ حوثی ملیشیا کی کارروائیاں یمن میں انسانی بحران کو مزید سنگین بنا رہی ہیں۔سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملوں، خصوصا شہریوں اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنانے کی مذمت کی گئی۔مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ بحیرہ احمر اور باب المندب میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملوں کی مذمت کرتے ہیں، حوثی ملیشیا فوری طور پر فوجی کارروائیاں اور حملے بند کرے۔مشترکہ اعلامیہ میں یمن کی حکومت اور سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ امریکا، اسرائیل اور ایران کے درمیان تنازع کا حل صرف مذاکرات اور سفارت کاری سے ممکن ہے، امریکا، اسرائیل اور ایران کے تنازع میں شہریوں، شہری تنصیبات اور جہازوں کو نشانہ بنانے سے گریز کیا جائے، پاکستان میں طے پانے والی مفاہمت کی یادداشت کی حمایت کرتے ہیں۔مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری آمدورفت اور جہازرانی کی آزادی ناگزیر ہے، آبنائے ہرمز سے محفوظ اور بلا رکاوٹ بحری آمدورفت فوری اور مکمل بحال کی جائے، سمندری راستوں میں رکاوٹیں عالمی سپلائی چین، توانائی، کھاد اور خوراک کی ترسیل کو متاثر کرتی ہیں، قانونی بحری آمدورفت میں رکاوٹیں ڈالنے والے اقدامات مسترد کرتے ہیں۔مشترکہ اعلامیے میں علاقائی معاملات پر قریبی مشاورت اور رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا اور کہا گیا کہ اسرائیلی قبضہ خطے اور اس سے باہر عدم استحکام کی بنیادی وجہ ہے۔پاکستان، ترکیے، مصر اور سعودی عرب نے فلسطین میں دو ریاستی حل پر جلد عمل درآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور آزاد، خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ کیا۔اعلامیے میں کہا گیا کہ مشرقی یروشلم کو فلسطینی ریاست کا دارالحکومت بنانے کی حمایت کرتے ہیں، یروشلم کی قانونی اور تاریخی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششیں بند کی جائیں۔

بقیہ 25
کا بیس کیمپ بنا کر مقبوضہ جموں وکشمیر کی آزادی کے لیے جدوجہد کو آگے بڑھانا تھا۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق انہوں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کا یوم تاسیس ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو کشمیری عوام نے اپنے بنیادی حقوق، آزادی اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے پیش کیں۔ظالم ڈوگرہ حکمرانوں کے تسلط کے خلاف کشمیریوں کی جدوجہد کے نتیجے میں ریاست جموں وکشمیر کا ایک حصہ آزاد ہوا اور آزاد جموں وکشمیر کی حکومت کی بنیاد رکھی گئی۔حریت رہنماؤں نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے یوم تاسیس کا اصل پیغام تحریک آزادی کشمیر کی تکمیل اور بھارتی غیر قانونی قبضے کے خاتمے کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم ہے۔دنیا بھر میں مقیم کشمیری اس تاریخی دن کو تجدید عہد کے طور پر مناتے ہیں اوران تمام شہداء اور تحریک آزادی کے محسنوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے حق خودارادیت کے حصول کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق تنازعہ جموں وکشمیر کے منصفانہ حل اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دلانے تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں اس بات کا تقاضا کرتی ہیں کہ عالمی برادری مسئلہ کشمیر کے حل اور کشمیریوں کو ان کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔حریت رہنماؤں نے کہا کہ آزاد حکومت کے قیام کا بنیادی مقصد آزاد کشمیر کو تحریک آزادی کا بیس کیمپ بنا کر ریاست کے دیگر حصوں کی آزادی کے لیے سیاسی، سفارتی اور عوامی سطح پر جدوجہد کرنا تھا۔لہٰذا یوم تاسیس کا تقاضا ہے کہ اس تاریخی مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے تحریک آزادی کشمیر کو اس کے منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے تمام تر کوششیں جاری رکھی جائیں۔

بقیہ 26
بقیہ 27
گزشتہ روز لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈکوارٹر؟ اوٹھل کے قریب زیرو پوائنٹ کے مقام پر پیش آنے والے ایک انتہائی دلخراش، ہولناک اور روح فرسا ٹریفک حادثے نے پورے خطے کو سوگ میں ڈبو دیا ہے۔مسافر کوچ اور مسافر منی بس کے درمیان ہونے والے اس ہلاکت خیز تصادم کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے 5 خواتین سمیت معصوم اور غریب مسافروں کی تعداد بڑھ کر 15 تک پہنچ گئی ہے۔ اور 22 سے زائد زخمی ہیں۔اس سانحے نے لسبیلہ کی فضاؤں کو سوگوار کر رکھا ہے، جہاں ہر طرف کہرام مچا ہوا ہے، ہر آنکھ اشک بار ہے اور شہداء کی تدفین کے المناک مناظر نے پتھر دل انسانوں کو بھی ہلا کر رکھ دیا ہے۔ذرائع سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق، یہ سانحہ محض ایک حادثہ نہیں بلکہ انتظامی غفلت کا شاخسانہ ہے۔حادثے کا شکار ہونے والی مسافر منی بس میں گنجائش سے زیادہ مسافر چھت پر سوار تھے۔لیکن اس کی چھت پر بھی انسانی جانوں کی کوئی پروا کیے بغیر مسافروں کو جان جوکھوں میں ڈال کر بٹھایا گیا تھا۔ بیلہ سے کراچی اور کراچی سے بیلہ آنے اور جانے والی مسافر وینوں اور بسوں کا یہ معمول بن چکا ہے کہ وہ کھلے عام اوور لوڈنگ کرتی ہیں اور گاڑیوں کی چھتوں کو مسافروں اور سامان سے بھر کر موت کا سفر جاری رکھتی ہیں۔اس سنگین صورتحال نے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر شدید سوالیہ نشان لگا دیے ہیں۔علاقے کے سیاسی عمائدین، سول سوسائٹی اور جاں بحق ہونے والے افراد کے ورثاء نے اس ہولناک غفلت پر شدید اشتعال کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حکومتِ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اس المناک حادثے کی فی الفور اعلیٰ سطح پر شفاف تحقیقات کروائی جائیں اور غفلت برتنے والے ٹرانسپورٹرز کے ساتھ ساتھ ان کرپٹ پولیس اور موٹروے حکام کو بھی کٹہرے میں لایا جائے جو اس کی پشت پناہی کر رہے ہیں۔

بقیہ 28
گئے ایک میمو میں کہا ہے کہ امریکی حکام کو ایسی انٹیلی جنس اطلاعات موصول ہوئی ہیں جن کے مطابق ایران نے امریکی اہلکاروں کو نشانہ بنانے کی کوششیں نمایاں طور پر بڑھادی ہیں۔میمو میں مزید خبردار کیا گیا کہ امریکی شہریوں کے خلاف ایرانیوں کی مبینہ مہلک کارروائیوں کی منصوبہ بندی مشرق وسطی اور بعض دوسرے ممالک میں ایک اعلی درجے تک پہنچ چکی ہے۔امریکی ویب سائٹ نے سب سے پہلے اس میمو کی اطلاع دی، جس کے بعد اے ایف پی نے بھی امریکی عہدیدار کے حوالے سے اس کی تفصیلات رپورٹ کیں۔تاہم دستیاب رپورٹ میں ان مبینہ منصوبوں کے ممکنہ اہداف، مخصوص ممالک یا کسی طے شدہ حملے کے وقت سے متعلق تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔ایرانی حکام کا اس رپورٹ پر ردعمل بھی فراہم کردہ خبر میں شامل نہیں ہے۔

بقیہ 29
وڈیرڈکیتی کے دوران مقامی ہندو تاجر نسنت کمار فائرنگ سے شدید زخمی ہوگئے جن کو ہسپتال منتقل کردیا گیا جہاں وہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ 30
مطابق وزرائے خارجہ نے امریکہ اور اسرائیل کے ایران کے ساتھ تنازع، اسرائیل فلسطین تنازع، غزہ میں دو ریاستی حل کی ضرورت، سعودی عرب اور یمن کی حکومت پر حوثی ملیشیا کے حملوں اور خطے کی اہم بحری گزرگاہوں کی سلامتی سمیت متعدد اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔اجلاس میں آبنائے ہرمز، باب المندب اور بحیرہ اسود میں بڑھتی ہوئی کشیدگی، جہازرانی کی آزادی اور بحری راستوں کے تحفظ پر بھی بات چیت ہوئی۔وزرائے خارجہ نے اتفاق کیا کہ علاقائی تنازعات کے سکیورٹی، معیشت اور تجارت پر مرتب ہونے والے اثرات سے نمٹنے کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھنا ضروری ہے۔

بقیہ 31
اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ کی جانب سے معذور افراد کے حقوق کے مکمل نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ محکموں اور اداروں کے نمائندوں کو شامل کرنے کی ہدایت ایک احسن اقدام ہے جس کا بلوچستان امن جرگہ خیر مقدم کرتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان کے مطابق لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ بلوچستان میں معذور افراد کی ایک بڑی تعداد موجود ہے سرکاری نوکریوں میں معذورا فراد کے مخصوص کوٹے پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے ہزاروں کی تعداد میں پڑھے لکھے معذور افراد بے روزگاری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور نوکریاں نہ ملنے کی وجہ سے اکثر معذور افراد بھیک مانگ کر گزارا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ معذور افراد کو تعلیم صحت، روزگار کی سہولیات فراہم کرکے انہیں معاشرے کا کارآمد شہری بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن حکومت اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام نظر آتی ہے۔انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے آئینی درخواست کی سماعت کے دوران معذور افراد کی مالی، تعلیمی معاونت، صحت کی سہولیات اور ملازمتوں پر کوٹے پر عملدرآمد رپورٹ کرنے کی ہدایت کا بلوچستان امن جرگہ خیر مقدم کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمتوں میں معذور افراد کے کوٹے پر عملدرآمد سے سینکڑوں معذور افراد کو ملازمتیں ملیں گی جس سے انکے گھر کے چولہے جلیں گے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان امن جرگہ نے ہمیشہ معذور افراد کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کی ہے اور انشاء اللہ آئندہ بھی آواز بلند کرتے رہیں گے۔

بقیہ 32
چوکی پر حملے میں تین اہلکار ہلاک جبکہ دو زخمی ہوئے۔افغانستان کے سابق نائب صدر امراللہ صالح کی تنظیم افغان گرین ٹرینڈ کے مطابق صوبہ بدخشاں کے دارالحکومت فیض آباد میں طالبان کی 219ویں بریگیڈ کی فوجی گاڑی کو گھات لگا کر نشانہ بنایا گیا، کارروائی میں گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔

بقیہ 33
برآمد ہوئی ہیں، پہلا واقعہ کھٹان کے مقام پر پیش آیا، جہاں کھٹان ندی سے ایک نوجوان کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ایک کی شناخت محمد یونس ولد محمد یوسف قوم غلامانی کے نام سے ہوئی ہے۔ مقامی افراد نے لاش دیکھ کر پولیس انتظامیہ کو اطلاع دی، جس کے بعد لاش کو اپنی تحویل میں لے کر ضروری کارروائی کے لیے سول ہسپتال خضدار منتقل کر دیا گیا۔دوسرا واقعہ تحصیل باغبانہ میں پیش آیا، جہاں شاہزیب ابا بکی کی لاش برآمد ہوئی ہے۔شاہزیب ابابکی کی لاش ملنے کی اطلاع پولیس کو دی گئی اور لاش کو ہسپتال منتقل کیا۔دونوں واقعات کی وجوہات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ 34
اوراخراج 40ہزار کیوسک، دریائے

بقیہ 35
ڈاکو لاٹ مارکر موٹرسائیکل سوار ولی محمد ولد نواب خان کھوسو کو گرادیا اور اس سے موٹرسائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کرفرار ہو گئے جبکہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی میں گزشتہ شب گجر محلہ میں نامعلوم تین نقاب پوش افراد نے فرمان علی سومرو سے اسلحے کے زور پر قیمتی موبائل فون اور ہزاروں روپے چھین کر فرار ہوگئے جبکہ بھاگ سٹی صوفن شاہ وارڈ گوپا محلہ میں نا معلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر ایک شخص شوکت علی سے موٹر سائیکل موبائل فون اور نقدی چھین کرفرار ہوگئے

بقیہ 36
مطابق اقوام متحدہ کے ترجمان سٹیفن دوجارک نے بیان میں کہا کہ سیکرٹری جنرل نے اس بات کا اعادہ کیا کہ شہریوں اور عبادت گاہوں پر حملے ناقابل قبول ہیں۔عبادت گاہیں امن کے مراکز ہونی چاہئیں اور انہیں ہر ایک کے لئے محفوظ ہونا چاہیے۔انتونیو گوتریش نے زور دیا کہ حملے کے ذمہ داروں کی شناخت کر کے انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ترجمان کے مطابق سیکرٹری جنرل نے متاثرین کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ترجمان نے کہا کہ اقوام متحدہ اردن کی حکومت اور عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔

بقیہ 37
لیتے ہوئے صرف کشیدگی کی مخالفت اور مذاکرات پر زور دیا۔ البنونے عرب ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہا کہ ہم اس امت کے لوگوں کے درمیان کسی بھی تنازعے اور کسی بھی قسم کی جھڑپوں، بمباری اور باہم گولہ باری سے بالکل خوش نہیں ہیں اور نہ ہی ہمیں اس پر ذرا بھی مسرت ہے۔انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ مسئلے کے حل کا واحد میدان بمباری کے ذریعے نہیں بلکہ صرف اور صرف مذاکرات کے ذریعے ہے۔

بقیہ 38
ڈاکٹر عقیل حسین، پرنسپل آٹھمقام ڈگری کالج خورشید انور، مہتمم برقیات سکندر مغل، آفیسر اطلاعات محمد حنیف، صدر پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن آفتاب تبسم، ضلعی افسران، اساتذہ، طلبہ، تاجران، صحافیوں، وکلاء اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ دن کا آغاز مساجد میں ملکی سلامتی و استحکام، مقبوضہ جموں وکشمیر کی آزادی اور تحریک آزادی کے شہداء کے ایصال ثواب کے لیے دعاؤں اور فاتحہ خوانی سے ہوا۔

بقیہ 39
براہ راست روسی ڈیزل کی یہ پہلی کھیپ ہے۔ پہلا ٹینکر مالٹا کے جھنڈے والے ٹینکر Agioi Fanendes نے 22اکتوبر 2026 کو تقریبا 40,000 میٹرک ٹن (تقریبا 300,000 بیرل) لوڈ کیا گیا۔ٹریکنگ ڈیٹا سے پتہ چلتا ہے کہ جہاز نیویارک کے لیے 7 نومبر 2026 کی متوقع آمد کی تاریخ کے ساتھ ہے۔روس کے نائب وزیراعظم الیگزینڈر نوواک نے تصدیق کی کہ تین ٹینکر انتظامات کے تحت روانہ ہو چکے ہیں، حالانکہ دیگر دو جہازوں کے لیے مخصوص مقامات اور کارگو کی مقدار غیر مصدقہ ہے۔یہ کھیپ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روسی صدر ولادیمیر پوٹن کی طرف سے اعلان کردہ ایک حیرت انگیز معاہدے کے بعد ہوئی ہے جس کا اعلان عارضی طور پر امریکی پابندیوں میں نرمی اور ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کو کم کرنے میں مدد کیلئے کیا گیا تھا۔ٹرمپ کے اعلان کردہ فریم ورک کے تحت، روس کو فوری طور پر 300,000 ٹن سپلائی کرنا ہے، اس کے بعد نومبر میں 500,000 ٹن اور اس کے بعد 1 ملین ٹن فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 40
ولد حبیب اللہ قوم نھوانی کو شہر سے کچھ فاصلے پر پر اسرار انداز میں فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا۔ایس ایچ او خضدار صدر تھانہ یوسف چانڈیو نے بتایا کہ دونوں دوستوں کو کل شام اور رات کے وقت ایک ساتھ دیکھا گیا تھا تاہم رات گئے ناخوشگوار واقعہ میں دونوں فائرنگ سے قتل کردیئے گئے۔ یونس غلامانی کو مبینہ طور پران کے گھر کے قریب فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا۔جن کی لاش صبح کھٹان اریا سے ملی۔ واقعہ کے مضمرات جانچے جارہاہے جس میں دونوں دوستوں کے آپسی رنجش کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ہے۔ پولیس کے مطابق اس سے قبل دنوں مقتول افراد کو پولیس نے مختلف الزامات کے تحت پابند سلاسل بھی کرچکی ہے۔یادرہے کہ محمد سمیع نھوانی خضدار کے معروف گھڑی ساز حبیب اللہ نھوانی کے فرزند جب کہ یونس غلامانی سابق میئر میرعبدالرحیم کرد اور حاجی غلام حسین کرد کے قریبی عزیز بتائے جاتے ہیں۔ پولیس واقعہ سے متعلق مزید تفتیش کررہی ہے

بقیہ 41
نے دنیا کو ایک گلوبل ویلج میں تبدیل کر دیا ہے، انسانوں کے درمیان طویل فاصلے سمٹ گئے ہیں اور ہر قسم کی معلومات صرف ایک کلک پر دستیاب ہے۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے ہمارے صوبے میں 12 سرکاری یونیورسٹیوں، 16 کیمپسز اور 140 سے زائد بوائز اینڈ گرلز کالجز بلوچستان بھر کے لوگوں کو پل پل بدلتی دنیا کے ساتھ منسلک کر دیئے۔ اس کے علاوہ آج ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے دنیا بھر کے مناظر، آوازوں، تخلیقی اور تحقیقی علم و معلومات کو انسان کی جیب میں موجود ایک چھوٹے سے موبائل فون تک محدود کردیا ہے۔ ایک جدید موبائل فون میں دنیا کی بڑی سے بڑی لائبریریوں سے بھی زیادہ کتابیں محفوظ کیا جا سکتا ہے۔ یہ ٹیکنالوجی نہ صرف ہائیر ایجوکیشن اینڈ ریسرچ کے نئے مواقع فراہم کر رہی ہے بلکہ ترقیاتی ضروریات کو سمجھنے، مسائل کی نشاندہی کرنے اور ان کے موثر حل تلاش کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ عالمی یوم ترقیاتی معلومات منانے کا بنیادی مقصد دنیا کی توجہ اہم معاشی اور سماجی ترقیاتی چیلنجز کی جانب مبذول کرانا اور عوام کو ان مسائل سے آگاہ کرنا ہے جو پائیدار ترقی کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ جدید ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کیلئے عوامی شعور بیدار کرنا، رائے عامہ کو متحرک کرنا اور معاشی و سماجی مسائل کے حل میں شہریوں کی بامعنی شرکت یقینی بنانا ضروری ہے۔ واضح رہے کہ موجودہ دور میں ڈیجیٹل لٹریسی، درست معلومات تک رسائی اور ٹیکنالوجی کا ذمہ دارانہ استعمال وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ عالمی ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے بین الاقوامی تعاون، علم و تجربات کے تبادلے اور درست معلومات کی بروقت فراہمی ناگزیر ہے۔اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے اور دیگر انٹرنیشنل تنظیمیں بلوچستان کے نوجوانوں کو آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور روبوٹکس کے ثمرات سے مستفید کرنے میں مدد اور رہنمائی فراہم کریں جدید ٹیکنالوجی کو انسانی فلاح، معاشی برابری اور سماجی انصاف کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے بروئے کار لائیں۔

بقیہ 42
ہوا، جس میں انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آرمی سٹاف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا۔ انہوں نے ترکیہ کے ساتھ قریبی، برادرانہ اور تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔اسحاق ڈار نے کہا کہ ترکیہ، مصر، سعودی عرب، برطانیہ، فرانس اور جرمنی کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں بھی کیں، جن میں باہمی تعاون اور علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اپنے برادر ہاکان فیدان اور حکومت وعوام ترکیہ کا پرتپاک میزبانی اور بہترین انتظامات پر تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔

بقیہ 43
کو سہولت فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔اس سلسلے میں بلوچستان فیڈرل گورنمنٹ سیکنڈیشن سنٹر (BFGFC) کا قیام بھی اہم پیش رفت ہے۔ گریڈ 16 تک کی آسامیوں کے لیے عمر کی بالائی حد میں 35 سال تک خصوصی رعایت کی فراہمی سے مزید امیدواروں کو وفاقی ملازمتوں کے حصول کا موقع مل سکے گا۔

بقیہ 44

مرکزی حصہ بنانا ہوگا، جہاں سوالات اور خدشات ہوں، وہاں احترام سے بات سنی جائے اور درست معلومات پہنچائی جائیں اور جہاں سہولتوں تک رسائی مشکل ہو، وہاں خدمات پہنچائی جائیں، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بچوں کی صحت کے لیے والدین اور طبی عملے کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہونا ضروری ہے۔چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے 1994 میں ملک گیر انسداد پولیو مہم کا آغاز کرتے ہوئے اپنی صاحبزادی بی بی آصفہ بھٹو زرداری کو خود پولیو کے قطرے پلا کر ایک ماں کی حیثیت سے بھی اعتماد کا پیغام دیا تھا اور شہید بی بی کے اس عزم کی تکمیل اس وقت ہوگی جب پاکستان کے ہر بچے تک وہی سہولت پہنچے جسے ہم اپنے بچوں کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پولیو ورکرز، بالخصوص گھر گھر پہنچنے والی خواتین کارکنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت کی قدردان کے تحفظ، بروقت معاوضے اور باعزت حالاتِ کار کو یقینی بنا کر کی جانا چاہیے، انہوں نے انسدادِ پولیو مہمات کے دوران جانیں قربان کرنے والے رضاکاروں اور سیکیورٹی اہلکاروں کو بھی خراج عقیدت پیش کیا۔چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے والدین سے اپیل کی کہ پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر مہم میں پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں اور معمول کی حفاظتی ویکسینیشن بھی مکمل کروائیں، انہوں نے پارٹی کے منتخب نمائندوں اور کارکنوں پر زور دیا کہ اپنے علاقوں میں انسداد پولیو کی ٹیموں سے تعاون کریں اور بالخصوص ان خاندانوں تک رسائی میں مدد دیں جن کے بچے کسی وجہ سے حفاظتی قطروں سے محروم رہ جاتے ہیں۔چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کی جدوجہد کے ساتھ اس سے متاثرہ بچوں اور افراد کی ضروریات بھی ہماری توجہ کا حصہ رہنا چاہئیے، بحالی کی سہولتیں، تعلیم اور زندگی میں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع ان کا بھی حق ہیں، ہمارا عزم ایسا پاکستان ہے جہاں ہر بچے کو بیماری سے تحفظ بھی ملے اور اپنی صلاحیتوں کے مطابق اسے زندگی گزارنے کا موقع بھی ملے۔

بقیہ 45
احد چیمہ نے این ایچ اے کی صلاحیتوں کے جائزے اور واضح ٹائم لائن کے ساتھ ایک قابلِ عمل بزنس پلان تیار کرنے پر زور دیا۔

بقیہ 46
درآمد ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی امن و سلامتی کے فروغ اور کثیرالجہتی تعاون پر پختہ یقین رکھتا ہے، اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان کی طویل عرصے سے جاری شرکت عالمی امن وسلامتی کے لیے پاکستان کے عزم کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 47
گیا جس پر ڈریپ کو نظرثانی کی ہدایت کی گئی ہے۔مصدق ملک نے کہا کہ قیمتوں میں اضافے کی منظوری نہ ملنے کے باعث ملٹی نیشنل کمپنیوں کی فلو ویکسینز پاکستان نہیں پہنچ سکیں جبکہ موسم سرما شروع ہونے کے باوجود یہ ویکسینز پاکستانی مارکیٹ میں دستیاب نہیں ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ادویات اور ویکسینز کی قیمتیں عوامی مفاد اور ڈریپ کی پالیسی کے مطابق مقرر ہونی چاہئیں،نظرثانی شدہ سفارشات حتمی منظوری کے لیے وفاقی کابینہ کو بھجوائی جائیں گی۔

بقیہ 48
منصوبوں میں شفافیت یقینی بنانے، بدعنوانی کی روک تھام اور عوامی فلاح کے ثمرات مستحق افراد تک پہنچانے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر منصوبہ بندی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کے لیے درست اعداد وشمار اور زمینی حقائق پر مبنی معلومات بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ جب عوام کو ترقیاتی منصوبوں کے مقاصد، مختص وسائل، پیش رفت اور متوقع فوائد سے آگاہ کیا جاتا ہے تو عوامی اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے اور ترقیاتی عمل میں شہریوں کی شمولیت کو فروغ ملتا ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ترقی کا حقیقی مقصد اس کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے عوام تک پہنچانا ہے۔

بقیہ 49
میں انٹرنیٹ ونظام زندگی بھی جام وبند ہوگئی ہے۔ہرعلاقہ ویران، خوشحال پرامن علاقوں میں بدامنی پیدا کی گئی ہیں قبائلی عوام وخاندانوں کو بیدخل کیا جارہا ہے سرعلاقوں میں نقل مکانی بہت مشکل وناممکن کام ہے۔

بقیہ 50
ادارہ بحالی مستحقین کی صا مکسی، پرنسپل گورنمنٹ کواری گرلزکالج پروفیسر فرخ بشیر سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا قبل ازیں ادارہ بحالی مستحقین کی جانب سے نابینا افراد میں چھڑیاں بھی تقسیم کی گئیں۔مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مزید کہا کہ حکمرانوں کو اپنے حصے کی شاہ خرچیاں ترک کرکے معذور ومجبور افراد کی فلاح و بہبود پر رقم خرچ کرنا چاہیے وسائل حکومتوں کے پاس بہت ہیں جو وہ صرف اپنی اسائشیوں پر خرچ کرتے ہیں لیکن ضرورت مندوں پر استعمال نہیں کئے جاتا انہوں نے کہا کہ نابینا افراد کو تعلیم، روزگار، صحت اور عام زندگی میں دوسرے شہریوں کی طرح تمام بنیادی حقوق حاصل ہونے چاہئیں وہ انکی ؟واز اسمبلی کے فلور پر بھی اٹھائیں گے اور انہوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن بھی اس ضمن میں نابینا افراد کے ساتھ تعاون کرے گی جبکہ ہماری بنوقابل ا؟ئی ٹی لیب میں بھی انکے لیئے خصوصی کورسز کروائے جائیں گے۔

NATIONAL TELECOMMUNICATION CORPORATION
National Telecom
NTC HQ, G-5/2, ISLAMABAD
Ministry of Information Technology & Telecom

JOB OPPORTUNITIES

National Telecommunication Corporation, the official telecom service provider to the Government of Pakistan, invites applications from Balochistan domicile holders/Local for **"Recruitment Against Balochistan Quota"** on regular basis for the following posts as per criteria mentioned against each:-

Sr. #	Description	No. of Posts	Max Age Limit	Qualification & Experience
1.	Assistant Divisional Engineer (NPS-7)/(BPS-17)	1	30 Years + 5 years Age Relaxation =35 years	**Qualification:** Bachelor degree in the relevant discipline of Engineering. Registration with Pakistan Engineering Council.
2.	Assistant Private Secretary (NPS-6)/(BPS-16)	1	28 Years + 5 years Age Relaxation =33 years	**Qualification:** Graduate.

NOTE
i) Candidates already in Government Service may submit their application through proper channel.
ii) Age will be calculated with effect from the last date of submission of applications.
iii) Age relaxation where applicable shall be given as per Government Rules.
iv) No TA / DA would be admissible for test / interview.
v) Interested candidates are requested to **apply on-line through (National Jobs Portal)** website **njp.gov.pk**. Last date of submission of application is **17-11-2026**. Applications submitted through courier / by hand will not be accepted.
vi) Corporation reserves the right to increase / decrease the number of vacancies or not to fill any vacancy.
vii) Incomplete data or information or any wrong information by an applicant shall result in his disqualification at any stage even after selection.

PID(I)3739/26
DIRECTOR (HR) NTC
Headquarters, G-5/2, Islamabad (Ph # 9244650)
URAAN PAKISTAN

ایران پر بڑے حملے کی تیاری، امریکی بحری بیڑے پر بنکر بسٹر بم لوڈ کر دیئے گئے

لوڈ کیے جانے والے ہتھیار ایران کی زیرِ زمین ایٹمی تنصیبات اور مضبوط فوجی انفراسٹرکچر کو تباہ کرنے کے لیے موزوں ہیں، رپورٹ

تہران (این این آئی) صدر ٹرمپ کے مڈٹرم الیکشن سے قبل کوئی فوجی کارروائی کرنے سے گریز کی واضح پالیسی کے باوجود امریکا نے ایران پر بڑی بمباری کی تیاری مکمل کر لی ۔امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بحیرہ عرب میں تعینات امریکی طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس جارج واشنگٹن پر بڑے پیمانے پر اسلحہ لوڈ کیا جا رہا ہے۔امریکی اخبار کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ جہاز کا عملہ بڑی تعداد میں اسٹینڈ آف لینڈ اٹیک میزائل اور بنکر بسٹر بم جہاز پر چڑھا رہے ہیں۔

بلوچستان ہائیکورٹ کا معذور افراد کے حقوق سے تحفظ سے متعلق رپورٹ طلب کرنے کا خیر مقدم کرتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان ہائیکورٹ کا معذور افراد کے حقوق سے تحفظ سے متعلق رپورٹ طلب کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل (بقیہ 31صفحہ 3پر)

فالس فلیگ آپریشن بھارتی روایت ہے، پاکستان ہرلمحہ تیار ہے، دفتر خارجہ

مکہ معاہدہ مشترکہ دفاعی تعاون کیلئے ہے، اس میں کوئی خفیہ شق شامل نہیں، ترجمان سجاد حیدر خان

اسلام آباد(این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ فالس فلیگ آپریشن کرنا بھارتی روایت ہے جس کیلئے پاکستان ہرلمحہ تیار ہے۔ مکہ دفاعی معاہدے کے حوالے سے قیاس آرائیوں پر دفتر خارجہ نے وضاحت پیش کرتے ہوئے تمام خفیہ نکات کی تردید کر دی ہے اس حوالے سے اپنے بیان میں ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے بتایا کہ پاکستان اور سعودی عرب نے مکہ معاہدے کی توثیق کے تمام مراحل مکمل کر لیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مسودہ منظر عام پر آ چکا ہے، وہی حتمی ہے اور اس میں کوئی بھی خفیہ شق شامل نہیں ہے۔سجاد حیدر خان نے کہا کہ ہر ملک کے پاس اس معاہدے کی توثیق کا اپنا الگ طریقہ کار موجود ہے، جس کے تحت ترکیہ کی پارلیمنٹ میں بھی اس کی توثیق کی جا رہی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اس دفاعی معاہدے کی شقیں کسی تیسرے ملک کے خلاف نہیں، بلکہ محض مشترکہ دفاعی تعاون کے لیے ہیں۔

مدارس کو دہشت گردی کے ساتھ نتھی کرنا افسوسناک اور غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل ہے، مولانا محمد حنیف جالندھری

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ کا مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور کے مدارس سے متعلق بیان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد(این این آئی) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری نے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور کے مدارس سے متعلق بیان پر افسوس اور حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مدارس کو دہشت گردی کے ساتھ نتھی کرنا انتہائی افسوسناک اور غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مدارس کی رجسٹریشن اور ریگولرائزیشن کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت، متعلقہ اداروں کے ساتھ مشاورت اور اس سلسلے میں کیے جانے والے ہوم ورک سے آگاہی حاصل کیے بغیر اس طرح کے بیانات دینا مناسب نہیں۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی ۔دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 29 ہزار 800 کیوسک (بقیہ 34صفحہ 3پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ اور کینیڈین ہائی کمشنر برائے پاکستان طارق علی خان پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوطرفہ مذاکرات میں شریک ہیں

افغانستان میں طالبان مخالف گروپس کی گوریلا کارروائیاں تیز

گروپوں کا طالبان رجیم کیخلاف صوبہ تخار، پروان اور بدخشاں میں مربوط کارروائیوں کا دعویٰ

کابل(این این آئی) افغان طالبان رجیم کے خلاف مسلح کارروائیوں میں مسلسل تیزی آ گئی ہے. طالبان مخالف مسلح گروپوں نے طالبان رجیم کیخلاف صوبہ تخار، پروان اور بدخشاں میں مربوط کارروائیوں کا دعویٰ کیا .افغانستان کے سابق جنرل یاسین ضیا کی تنظیم، افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق صوبہ تخار کے دارالحکومت تالقان میں طالبان کی انٹیلی جنس ٹیم پر گوریلا حملہ ہوا جس میں 4 اہلکار ہلاک و زخمی ہوئے۔ صوبہ پروان میں کابل شمال شاہراہ پر طالبان (بقیہ 32صفحہ 3پر)

خضدار میں مختلف مقامات سے دو افراد کی لاشیں برآمد

خضدار (این این آئی) خضدار میں مختلف مقامات سے دو افراد کی لاشیں (بقیہ 33صفحہ 3پر)

حکومت مہنگائی میں کمی ، ریلیف کیلئے خصوصی حکمت عملی اپنائے' شہزاد اشرف بھٹی

بڑھتی مہنگائی سے عوام کے ساتھ کاروباری طبقہ بھی پریشان ہے' مرکزی رہنما آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور(این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ مہنگائی کی شرح میں اضافے کے باعث معاشرے کا ایک بڑا طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہے، بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کی قوت خرید کو بری طرح متاثر کیا ہے جس کی وجہ سے روزمرہ ضروریات پوری کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو مہنگائی کے منفی اثرات سے بچانے کے لیے خصوصی اور موثر حکمت عملی مرتب کرے۔

گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے

تربت (این این آئی) معروف سیاسی و قبائلی شخصیت میر فدا حکیم رند نے گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، بہادری، مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے۔

حماس رہنماء کا خلیج میں سول ایئر پورٹ پر بمباری کی مذمت میں پس وپیش

ہم کسی بھی تنازعے اور جھڑپوں، بمباری اور باہم گولہ باری سے بالکل خوش نہیں ہیں، طاہر النونو

غزہ (این این آئی) حماس کے سیاسی بیورو کے سربراہ کے میڈیا ایڈوائزر طاہر النونو نے خلیج میں سول ایئر پورٹ پر بمباری کی مذمت کرنے میں لیت ولعل سے کام (بقیہ 37صفحہ 3پر)



کوئٹہ، اپوزیشن لیڈر میر یونس زہری اور ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرازق ساسولی مختلف محکموں کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان، برطانیہ، فرانس سمیت 8 ملکوں کا مشرق وسطیٰ میں تنازعات کے سفارتی حل پر زور

تمام زیرِالتوا تنازعات کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق مذاکرات کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے

اسلام آباد/استنبول(این این آئی) پاکستان، ترکی، سعودی عرب، مصر، فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ نے علاقائی تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات، سفارت کاری اور کشیدگی میں کمی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تمام زیرِ التوا تنازعات کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق مذاکرات کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔ترکی کے شہر استنبول میں ہونے والے آٹھ ملکی اجلاس کے بعد جاری کیے گئے مشترکہ اعلامیے کے (بقیہ 30صفحہ 3پر)

ایران کی جانب سے امریکی اہلکاروں کو نشانہ بنانے کی کوششیں، امریکی انٹیلی جنس سربراہ کی وارننگ جاری

ایرانی منصوبہ بندی سے متعلق بعض اطلاعات تشویش ناک ہیں اور تیاری ایک پیش رفتہ مرحلے میں پہنچ چکی ہے، جے کلیٹن

تہران (این این آئی) امریکا کے قومی انٹیلی جنس سربراہ جے کلیٹن نے خبردار کیا ہے کہ ایران نے مشرق وسطیٰ اور دیگر ممالک میں امریکی شہریوں اور اہلکاروں کو نشانہ بنانے کی کوششوں میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے۔ان کے مطابق ایرانی منصوبہ بندی سے متعلق بعض اطلاعات تشویش ناک ہیں اور مبینہ کارروائیوں کی تیاری ایک پیش رفتہ مرحلے میں پہنچ چکی ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق یک امریکی عہدیدار نے بتایا کہ جے کلیٹن نے امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو کو بھیجے (بقیہ 28صفحہ 3پر)

این اے 65 ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے زخمی ہندو تاجر ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) این اے 65 ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے زخمی ہندو تاجر ہلاک ہو گیا تاجر برادری اور ہندو برادری میں سخت غم و غصے کی لہر دوڑ گئی واقعے میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری. کا مطالبہ پولیس کے مطابق سبی کے قریب این اے 65 ر (بقیہ 29صفحہ 3پر)

سعودی ایئر لائن کی ریاض سے تمام پروازیں 7 نومبر تک منسوخ

عمرہ زائرین سفر سے قبل پرواز کی صورتِ حال اور ایئر پورٹ کی تصدیق کر لیں، انتظامیہ

ریاض (این این آئی) سعودی ایئر لائن نے سعودی دارالحکومت ریاض سے اپنی تمام پروازیں 7 نومبر تک منسوخ کر دی ہیں۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق سعودی عرب کی دوسری قومی ایئر لائن ریاض ایئر کی جانب سے کہا گیا ہے کہ 25 اکتوبر سے آپریشن ریاض سے منتقل ہو کر قسیم ایئر پورٹ سے جاری رہے گا۔ایئر لائن کی جانب سے کہا گیا ہے کہ عمرہ زائرین سفر سے قبل پرواز کی صورتِ حال اور ایئر پورٹ کی تصدیق کر لیں۔

ہم تب سے ہی اعتراضات کی زد میں ہیں اب ہمیں ان کی عادت ہوچکی ہے، محمود خان اچکزئی

لوگ نکلیں گے، میں آپ کو بتا دیتا ہوں، لوگ نکلیں گے۔سندھ، بلوچستان، پشتونخوا سب میں لوگ نکلیں گے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین

اسلام آباد/ کوئٹہ (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ جب سے ہم نے جمہوری سیاست، حقِ خودارادیت اور عوام کو حقِ حکمرانی میں شریک کرنے کی سیاست کا آغاز کیا ہے، ہم تب سے ہی اعتراضات کی زد میں ہیں اب ہمیں ان کی عادت ہو چکی ہے اور ہم ان کی پرواہ نہیں کرتے۔ ذاتی اور جماعتی طور پر ہمارا ضمیر مطمئن ہے اور ہم خود بھی مطمئن ہیں، دکھ اس بات کا ہے کہ موجودہ حالات میں جب تحریک انصاف مشکل وقت سے گزر رہی ہے، تو میرے لیے کھری باتیں کرنا قدرے مشکل ہو رہا ہے۔

عالمی برادری مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کرے، جسٹس سردار لیاقت حسین

ہم نے ڈوگرہ سامراج کے خلاف عملی جدوجہد کر کے ساڑھے چار ہزار مربع میل پر مشتمل خطہ آزاد کرایا، چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر

مظفرآباد (این این آئی) چیف جسٹس عدالت العالیہ آزاد جموں وکشمیر جسٹس سردار لیاقت حسین نے کہا ہے کہ ہم نے ڈوگرہ سامراج کے خلاف عملی جدوجہد کر کے ساڑھے چار ہزار مربع میل پر مشتمل خطہ آزاد کرایا، یہ آزادی کسی مذاکرات یا ٹیبل ٹاک کے نتیجے میں حاصل نہیں ہوئی، بلکہ ہمارے آباؤ اجداد نے گولی، لاٹھی اور بے شمار مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے اپنے خون کے نذرانے پیش کیے اور کشمیر کے اس حصے کو آزاد کرایا جسے آج آزاد جموں وکشمیر کہا جاتا ہے۔

کشمیری تاحال اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کے منتظر

اقوام متحدہ تنازعہ کشمیر کو اپنی قراردادوں کے مطابق حل کرانے کیلئے کردار ادا کرے، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) اقوام متحدہ کے قیام کے 81 برس پورے ہونے پر کشمیر میڈیا سروس کی طرف سے جاری رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارت جموں وکشمیر سے متعلق سلامتی کونسل کی قراردادوں کی مسلسل خلاف ورزی کر رہا ہے۔اقوام متحدہ کا دن ہمیں اس بات کی یاد دہانی کراتا ہے کہ 7 دہائیوں سے زائد عرصے سے اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ہونے کے باوجود تنازعہ کشمیر آج بھی حل طلب ہے۔

اوتھل کے قریب مسافر کوچ اور منی بس کے ہولناک تصادم میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 15 ہوگئی

اوتھل (این این آئی) اوتھل کے قریب مسافر کوچ اور منی بس کے ہولناک تصادم میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 15 تک پہنچ گئی، پولیس اور موٹر وے انتظامیہ کی مجرمانہ چشم پوشی بے نقاب، تفصیلات کے مطابق (بقیہ 27صفحہ 3پر)

یوم تاسیس آزاد جموں وکشمیر اہم دن، تحریک آزادی کی تکمیل تک جدوجہد جاری رہیگی، غلام محمد صفی

آزاد جموں وکشمیر کے یوم تاسیس کا اصل پیغام تحریک آزادی کشمیر کی تکمیل اور بھارتی غیر قانونی قبضے کے خاتمے کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم ہے، حریت رہنما

اسلام آباد(این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر و پاکستان کے کنوینر غلام محمد صفی اور دیگر حریت رہنماؤں نے کہا ہے کہ 24 اکتوبر کشمیریوں کی تاریخ کا ایک اہم اور یادگار دن ہے، جو بھارتی تسلط سے آزادی اور حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کی علامت ہے، اس دن 1947ء میں ریاست جموں وکشمیر کی آزادی کے مقصد سے آزاد جموں وکشمیر کی عبوری حکومت قائم کی گئی، جس کا بنیادی مقصد آزاد کشمیر کو تحریک آزادی (بقیہ 25صفحہ 3پر)

حب کے علاقے امیر آباد میں گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین لی گئی

حب (این این آئی) حب کے علاقے امیر آباد میں گزشتہ رات نامعلوم مسلح ملزمان گن پوائنٹ پر شہری سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔علاقہ مکینوں نے متعلقہ (بقیہ 26صفحہ 3پر)



شمالی ڈیرہ بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نئے انتظامی دفاتر کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

امریکی صدر کا کینیڈا کی بعض مصنوعات پر 50 فیصد ٹیرف ختم کرنے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کینیڈا کی بعض زرعی اور لکڑی سے بنی مصنوعات پر 50 فیصد ٹیرف ختم کرنے کے حکم نامے پر دستخط کر دیئے ۔ اماراتی نیوز ایجنسی نے وائٹ ہاؤس کے حوالے سے بتایا کہ ان تبدیلیوں کا اطلاق 30 اکتوبر سے ہوگا، جو انتخابات سے چار روز قبل کی تاریخ ہے۔

شاہراہوں کی بندش کیساتھ اکثر علاقوں میں انٹرنیٹ ونظام زندگی بھی جام وبند ہوگئی ہے، سراج الحق

بلوچستان میں پاک افغان اور ایران سرحدوں کی بندش، شاہراہوں پر ناکوں اور سخت چیکنگ نے عوام کے لیے تجارت، روزگار اور آزادانہ نقل وحرکت کرنا محال بنا دیا گیا ہے، سابق امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ بلوچستان میں پاک افغان اور ایران سرحدوں کی بندش، شاہراہوں پر ناکوں اور سخت چیکنگ نے عوام کے لیے تجارت، روزگار اور آزادانہ نقل وحرکت کرنا محال بنا دیا گیا ہے۔عوام کے لیے حلال روزی کمانا مشکل بنا دیا گیا ہے۔شاہراہیں بند کرنے، ناکے لگانے اور عوام کو تنگ کرنے کے معاملے میں حکومت، بی ایل اے اور ٹی ٹی پی ایک پیج پر دکھائی دیتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ کوئٹہ کے دوران قبائلی عمائدین، مشران، سیاسی قائدین سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور، قبائلی روایات، علاقائی مسائل اور بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔قبائلی عمائدین مشران وسیاسی قائدین نے سراج الحق کو بتایا کہ بلوچستان نوگوایریابن گیا ہے تجارت، ٹرانسپورٹ، بارڈرز، شاہراہوں کی بندش کیساتھ اکثر علاقوں (بقیہ 49صفحہ 3پر)

غیر رجسٹرڈ موبائل فونز کے ٹیکس کی اقساط میں ادائیگی کی اجازت

ایف بی آر کی نئی ترمیم، درآمد شدہ موبائل فونز کا سیلز ٹیکس مالی سال کے باقی مہینوں میں ادا کیا جاسکے گا

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے پاکستان میں غیر رجسٹرڈ درآمد شدہ موبائل فونز کی رجسٹریشن کے لیے سیلز ٹیکس اقساط میں ادا کرنے کی اجازت دے دی ہے۔تفصیلات کے مطابق ایف بی آر نے موبائل فونز کی رجسٹریشن اور ٹیکس ادائیگی کے طریقہ کار میں ترمیم کی ہے، جس کے تحت اہل صارفین ڈیوائس آئیڈینٹی فکیشن، رجسٹریشن اینڈ بلاکنگ سسٹم (DIRBS) کے ذریعے سیلز ٹیکس ماہانہ اقساط میں جمع کرا سکیں گے۔

ڈیرہ مراد جمالی ڈکیت بے لگام ایک ہی دن میں تین مختلف وارداتیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ڈکیت بے لگام ایک ہی دن میں تین مختلف وارداتیں دو موٹر سائیکل چار قیمتی موبائل فونز اور ہزاروں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق صدر پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کی حدود بیدار کے علاقے میں دو مسلح (بقیہ 35صفحہ 3پر)

اگلے وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا وفاقی حکومت کے حمایت یافتہ ہوں گے، کامران مرتضیٰ

محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر ہیں، ہم ان کا احترام کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نہیں بنیں گے، گفتگو

اسلام آباد(این این آئی) رہنما جمعیت علمائے اسلام سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ خیبر پختون خوا کے اگلے وزیرِ اعلیٰ وفاقی حکومت کے حمایت یافتہ ہوں گے، پی ٹی آئی سے بندہ توڑ کر آئندہ وزیرِ اعلیٰ کے پی کیلئے تیار کر لیا گیا ہے۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر ہیں، ہم ان کا احترام کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمن قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نہیں بنیں گے۔جمعیت علمائے اسلام (ف) کے رہنما نے کہا کہ حکومتی رضامندی اور مدد سے کے پی اسمبلی میں پی ٹی آئی کے اندر فارورڈ بلاک بنے گا اور پھر فارورڈ بلاک کے ذریعے معاملات آگے چلیں گے۔

چینی بحریہ کا ہسپتال جہاز 7 روزہ طبی مشن کے لیے گھانا پہنچ گیا

مشن ہارمنی 2026 کے تحت خدمات انجام دینے والا ہسپتال جہاز بندرگاہ پر لنگر انداز ہوگیا

بیجنگ (این این آئی) چین کی پیپلز لبریشن آرمی نیوی کا ہسپتال جہاز اوشس آرک دوستانہ دورے اور طبی مشن کے سلسلے میں گھانا کی مشرقی بندرگاہ ٹیما پہنچ گیا، یہ کسی چینی بحری ہسپتال جہاز کا مغربی افریقی ملک گھانا کا پہلا دورہ ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق مشن ہارمنی 2026 کے تحت خدمات انجام دینے والا ہسپتال جہاز بندرگاہ پر لنگر انداز ہوا۔جہاز کی آمد پر چینی بحریہ کے اہلکاروں اور سویلین عملے نے جہاز پر صف بندی کی اور استقبال کے لیے موجود افراد کو ہاتھ ہلا کر خوش آمدید کہا۔

خضدار میں چار روز کے دوران پانچ افراد قتل

خضدار (این این آئی) خضدار میں چار روز کے دوران پانچ افراد قتل کر دیئے گئے ۔خضدار میں گزشتہ چار روز کی مدت میں پانچ افراد قتل کر دیئے ہیں۔

یاسین ملک اور دیگر افراد کے خلاف جھوٹے مقدمے میں مقدمہ چلانے کا حکم

این آئی اے نے یاسین ملک اور دیگر کیخلاف یہ مقدمہ 2017 میں درج کیا تھا، مقدمہ مبینہ منی لانڈرنگ سے متعلق

نئی دلی (این این آئی) بھارتی تحقیقاتی ادارے نیشنل انویسٹی ایجنسی (این آئی اے) کی نئی دہلی میں قائم خصوصی عدالت نے معروف کشمیری آزادی پسند رہنما اور لبریشن فرنٹ کے چیئرمین محمد یاسین ملک سمیت چھ دیگر افراد کے خلاف ایک پرانے جھوٹے مقدمے کی باقاعدہ سماعت شروع کرنے کا حکم دیا ہے، این آئی اے نے یاسین ملک اور دیگر کے خلاف یہ مقدمہ 2017 میں درج کیا تھا ،مقدمہ مبینہ منی لانڈرنگ سے متعلق ہے۔

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی اردن میں چرچ پر دہشت گرد حملے کی مذمت

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نیاردن کے جنوبی گورنریٹ کرک میں چرچ کے اندر نمازِ جنازہ کے دوران ہونے والے دہشت گرد حملے کی مذمت کی ہے۔عرب ٹی وی کے (بقیہ 36صفحہ 3پر)



کوئٹہ، بیوٹمز کے اسکول آف لاء کے موٹ کورٹ کے افتتاح کے موقع پر چیف جسٹس بلوچستان جناب کامران خان ملاخیل، وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اور پرووائس چانسلر ڈاکٹر ارباب میر وائس کاسی خطاب کر رہے ہیں

راجہ پرویز اشرف کی رہائش گاہ پر چوری، پولیس تعینات ہونے کے باوجود قیمتی سامان غائب

مقدمہ سابق وزیرِاعظم کے پرسنل اسسٹنٹ کی مدعیت میں تھانہ جاتلی میں درج، دو گھریلو ملازمین گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیرِاعظم راجہ پرویز اشرف کی ڈھوک امب میں واقع رہائش گاہ پر چوری کی واردات کا مقدمہ درج کر لیا گیا، رہائش گاہ پر پولیس اہلکار تعینات ہونے کے باوجود گھر سے قیمتی سامان چوری کر لیا گیا۔مقدمہ سابق وزیرِاعظم کے پرسنل اسسٹنٹ کی مدعیت میں تھانہ جاتلی میں درج کیا گیا ہے۔

وفاقی محتسب کی مؤثر مداخلت خضدار کی خاتون کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے زیرِ التوا وظیفہ موصول، شکایت حل

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کے احکامات اور فوری موثر اقدامات کے نتیجے میں ضلع خضدار کے علاقے کرخ کی رہائشی مستحق خاتون کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی طرف سے بند شدہ وظیفے کی رقم کی فوری ادائیگی ممکن ہوئی۔

فتنہ الہندوستان کا معصوم بچوں کے استحصال اور دہشتگردی میں استعمال کا ہوشربا انکشاف

سوشل میڈیا پر رابطے کے بعد پیسوں کا لالچ دے کر تنظیم میں شمولیت اور دہشت گردی کی ترغیب دی گئی، بھائیوں کی روداد

پنجگور (این این آئی) فتنہ الہندوستان کی جانب سے معصوم بچوں کے استحصال اور انہیں دہشت گردی میں استعمال کرنے کے ہوشربا انکشافات سامنے آ گئے۔پنجگور سے تعلق رکھنے والے دو کم عمر بھائیوں گہرام اور فہد نے فتنہ الہندوستان سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے سامنے سرنڈر کر دیا۔پنجگور پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گہرام اور فہد نے بتایا کہ ٹک ٹاک کے ذریعے دہشتگرد تنظیم کے ریحان نامی شخص نے رابطہ کیا۔

پولیو ورکرز قوم کے ہیرو، پنجاب سے پولیو کا 100 فیصد خاتمہ ہمارا عزم ہے، مریم نواز

پولیو سے مکمل نجات اور صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے والدین سمیت ہر فرد کا بھرپور تعاون نہایت ضروری ہے، وزیرِاعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیرِاعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پولیو ورکرز قوم کے ہیرو، پنجاب سے پولیو کا 100 فیصد خاتمہ ہمارا عزم ہے۔پولیو کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں پنجاب سے پولیو کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے والدین اور کمیونٹی سے انسدادِ پولیو مہم میں بھرپور تعاون کی اپیل کی ہے۔مریم نواز شریف نے فرنٹ لائن پر کام کرنے والے پولیو ورکرز کو قوم کے ہیرو قرار دیتے ہوئے کہا کہ پولیو سے مکمل نجات اور صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے والدین سمیت ہر فرد کا بھرپور تعاون نہایت ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیو ویکسین سے انکار دراصل بچوں کے بہتر اور محفوظ مستقبل سے انکار ہے، انسدادِ پولیو کے قطرے محفوظ اور مؤثر ہیں اور بچوں کی زندگی اور صحت کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہیں۔

یوم تاسیس آزاد کشمیر، صدر ریاست کا حق خودارادیت کے حصول تک جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

مظفرآباد (این این آئی) صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی پہلی ترجیح ایسا خطہ ہونا چاہیے جہاں قانون کی حکمرانی، سب کیلئے یکساں انصاف، میرٹ کا احترام اور ترقی کے مساوی مواقع میسر ہوں۔

آزاد کشمیر کا 79واں یومِ تاسیس، صدر اور وزیرِاعظم کے خصوصی پیغامات

تنازعہ کشمیر کے حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا، ڈاکٹر نجیب نقی

مظفرآباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر کا یوم تاسیس تحریک آزادی اور نظریہ الحاق پاکستان کی تجدید کی یاد اور عزم کے ساتھ منایا گیا۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق 19 جولائی 1947ء کی قرارداد الحاق پاکستان نے کشمیری عوام کے سیاسی مؤقف کو واضح سمت دی تھی۔اس وقت ڈوگرہ راج کیخلاف مزاحمت اور کشمیری عوام کی جدوجہد نے تحریک آزادی کو فیصلہ کن مرحلے میں داخل کیا۔

ایران کیخلاف ایک اور آپریشن کیا جاسکتا ہے، ٹرمپ

8 میں سے 5 جنگیں ٹیرف کے ذریعے رکوائیں، پھر بھی نوبیل انعام نہیں ملا، خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف ایک اور آپریشن کیا جا سکتا ہے۔فلوریڈا میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امریکا ایران کے ساتھ جنگ جلد ختم کر سکتا ہے، مگر سوال یہ ہے کہ جنگ ختم کی جائے یا ایران کو مزید کمزور ہونے دیا جائے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل جاری ہے۔

جھل مگسی میں چند روز قبل اغواء ہونے والے افراد میں ایک مغوی کو قتل کر کے اس کی لاش گھاترہ روڈ پر پھینک دی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی میں چند روز قبل اغواء ہونے والے افراد میں ایک مغوی کو قتل کر کے اس کی لاش گھاترہ روڈ پر پھینک دی گئی اغواء کاروں کے ہاتھوں قتل ہونے والے مغویوں کی تعداد دو ہو گئی جبکہ اب بھی تین مغوی اغواء کاروں کی تحویل میں ہیں۔



اسلام آباد، قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے سینیٹر عبدالشکور خان اور رکن قومی اسمبلی فرحان چشتی ملاقات کر رہے ہیں

نابینا افراد معاشرے کا ایک اہم، فعال اور برابر کا حصہ ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

جنہیں زندگی کے ہر شعبے میں مساوی حقوق اور مواقع ملنے چاہئیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ نابینا افراد معاشرے کا ایک اہم، فعال اور برابر کا حصہ ہیں، جنہیں زندگی کے ہر شعبے میں مساوی حقوق اور مواقع ملنے چاہئیں لیکن بدقسمتی سے حکمرانوں نے اس جانب کوئی توجہ نہیں دی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان بلائنڈ ریلیف ایسوسی ایشن اور بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام سفید چھڑی کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بلوچستان بلائنڈ ریلیف ایسوسی ایشن کے صدر محمد نذیر، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کیپر وفیسر اکبر ساسولی، الفوز ہنر مند فاؤنڈیشن کی چیئر پرسن شہزادی فوزیہ کاسی، (بقیہ 50صفحہ 3پر)

نیلم میں آزاد کشمیر کا 79واں یوم تاسیس قومی جوش و جذبے سے منایا گیا، چوہدری اقبال حسن

مقبوضہ کشمیر کی آزادی تک جدوجہد جاری رہے گی، ڈپٹی کمشنر

نیلم (این این آئی) ملک بھر کی طرح ضلع نیلم میں بھی آزاد جموں وکشمیر کا 79واں یوم تاسیس قومی جوش و جذبے اور تجدیدِ عہد کے ساتھ منایا گیا۔اس سلسلے میں مرکزی تقریب ڈسٹرکٹ کمپلیکس آٹھمقام میں منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی کمشنر نیلم چوہدری اقبال حسن، کمانڈنگ آفیسر، ایس پی، اسسٹنٹ کمشنر آٹھمقام چوہدری بشارت، ڈائریکٹر نیلم کیمپس یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر (بقیہ 38صفحہ 3پر)

خضدار میں دو دوست پراسرار انداز میں فائرنگ سے قتل

خضدار (این این آئی) خضدار میں دو دوست پر اسرار انداز میں فائرنگ سے قتل کر دیئے گئے ۔ تفصیلات کے مطابق محمد یونس ولد محمد یوسف قوم غلامانی کو فائرنگ کر کے ان کے گھر کے قریب جب کہ ان کے دوست محمد سمیع (بقیہ 40صفحہ 3پر)

گلوبل پینشن انڈیکس، سعودی عرب خلیج میں پہلے اور دنیا بھر میں 12ویں نمبر پر آ گیا

پائیداری کے محور میں سعودی عرب کا سکور 54.6 سے بڑھ کر 61.2 پوائنٹس ہو گیا جو 6.6 پوائنٹس کا اضافہ ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے 2026 کے لئے مارش اور سی ایف اے انسٹی ٹیوٹ گلوبل پنشن انڈیکس (سابقہ مرسر) میں شامل 55 ریٹائرمنٹ سسٹمز میں خلیجی سطح پر پہلی اور عالمی سطح پر 12ویں رینکنگ حاصل کر لی ، اس کا مجموعی سکور 2025 میں 67.6 پوائنٹس کے مقابلے میں بڑھ کر 73.2 پوائنٹس ہو گیا ہے۔

ڈھاڈر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے نئے شیڈول پر شہری ایکشن کمیٹی کا ہنگامی اجلاس منعقد، پرانا شیڈول بحال کرنے کا مطالبہ

بولان (این این آئی) شہری ایکشن کمیٹی ڈھاڈر کے عہدیداران کا ہنگامی اجلاس نائب صدر مفتی علی اصغر مگسی کی سربراہی میں بجلی کی موجودہ لوڈشیڈنگ ٹائمنگ کے حوالے سے منعقد ہوا اجلاس میں منیر احمد رند، میر محمد اسلم جتوئی، محمد عارف بنگلزئی، حافظ احمد خان تنجک اور قبائلی رہنماء حاجی سومر خان جتوئی نے خصوصی طور پر شرکت کی

ایران کے ایجنٹ ہمارے ملک میں موجود ہیں، امریکی حکام

ٹرمپ اور معاونین کو ایران کے بڑھتے ہوئے خطرات کے بارے میں باقاعدگی سے بریفنگ دی جا رہی ہے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) ایک امریکی عہدیدار نے ایک انٹیلی جنس میمو کے وجود کی تصدیق کی، جس میں مشرقِ وسطیٰ اور دنیا بھر میں امریکی سفارت کاروں کو نشانہ بنانے کے ایرانی منصوبوں کا ذکر ہے۔

ٹرمپ اور پوٹن کے نئے معاہدے کے تحت روسی ڈیزل کے تین ٹینکر امریکا روانہ

2023 کے بعد امریکہ کے لیے پہلی براہ راست روسی ڈیزل کی یہ پہلی کھیپ ہے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) ٹرمپ اور پوٹن کے نئے معاہدے کے تحت روسی ڈیزل لے جانے والے 3 ٹینکر امریکہ روانہ ہو گئے ۔ 2023 کے بعد امریکہ کے لیے پہلی (بقیہ 39صفحہ 3پر)

نئی طبی سہولیات، سیف فارمیسی اور سیف ایمرجنسی سینٹر کی 24 گھنٹے سروس کا آغاز اس پیش رفت کا اہم پہلو ہے

خضدار (این این آئی) ٹیچنگ ہسپتال میں صحت کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لئے سیف فارمیسی، ایمرجنسی سینٹر، ہیلتھ کارڈ سروس اور نوزائیدہ بچوں کی انتہائی نگہداشت کے یونٹ (این آئی سی یو) کا اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے افتتاح کر دیا۔

قتل کیس میں ملزم کی قبل از وقت رہائی اور معافی سے متعلق کیس کا فیصلہ، رہائی قانون کے خلاف قرار

عدالت نے ملزم کو دوبارہ حراست میں لینے کا حکم جاری کر دیا، پولیس نے ملزم کو دوبارہ حراست میں لیکر جیل منتقل کر دیا

پشاور (این این آئی) سپریم کورٹ پشاور (اپیلٹ جوریسڈکشن) میں قتل کیس میں نامزد ملزم کی قبل از وقت رہائی اور معافی سے متعلق کیس کا سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے مختصر حکم نامہ جاری کر دیا جس میں رہائی قانون کے خلاف قرار دیدیا گیا۔تفصیلات کے مطابق عدالت نے اپیل کنندہ کی رہائی قانون کے خلاف قرار دیا ہے، عدالت نے ملزم کو دوبارہ حراست میں لینے کا حکم جاری کر دیا۔

نئی آٹو پالیسی میں الیکٹرک گاڑیوں کے لیے 85 ارب روپے کے سیلز ٹیکس ریلیف کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) نئی آٹو پالیسی میں الیکٹرک گاڑیوں کے لیے 85 ارب روپے سیلز ٹیکس ریلیف کی امید پیدا ہوئی، اس سے 85 ارب روپے کا ٹیکس ریونیو متبادل پلان کے ذریعے حاصل کیا جائے گا۔نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ 75 ہزار ڈالر تک مالیت کی الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس ایک فیصد کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے۔



اسلام آباد، وفاقی وزیر اقتصادی امور، احد چیمہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک چین دوستی کے 75 برس مکمل، چینی وزارت خارجہ کی ترجمان (آج) پاکستان پہنچیں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاک چین دوستی کے 75 برس مکمل ہونے پر چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماننگ اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ (آج) اتوار کو پاکستان کے دورے پر پہنچیں گی، دورے کی تیاریوں کو حتمی شکل دے دی گئی۔

ایران پر نئے حملے سے کشیدگی میں اضافہ ہوگا، ترک وزیرِ خارجہ

جنگ کے خاتمے کا راستہ سفارت کاری اور مذاکرات ہیں، حاقان فیدان

انقرہ (این این آئی) ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے ایران پر کسی بھی نئے حملے کے خلاف خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام سے کشیدگی میں اضافہ ہوگا اور خطے میں جاری تنازع بڑھے گا۔ جنگ کے خاتمے کا راستہ سفارت کاری اور مذاکرات ہیں۔



لاہور، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے رکن قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ اور ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظاہر چنڑ ملاقات کر رہے ہیں